www.dailyqadamat.com ●●● E-mail:- dailyqadamat@gmail.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | 744 314 409 305 | Member APNS/CPNE | نوکِ قلم کی حرمت کا پاسبان
روزنامہ
قدامت
Daily QADAMAT Lahore
لاہور
ایڈیٹرانچیف ایم گلزار مصطفائی
مینجنگ ایڈیٹر عمران انجم
ایڈیٹر کاشف شہزاد
جلد نمبر 16 | بدھ 19 شوال المکرّم 1447ھ 8 اپریل 2026ء | قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 122

ایران کے سعودی عرب پر حملے تنازعہ کے حل کی کوششوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں: کور کمانڈرز کانفرنس

سعودی عرب نے سنگین اشتعال انگیزیوں کے باوجود اب تک جس تحمل اور محتاط رویے کا مظاہرہ کیا، اس سے ثالثی اور سفارتی حل کی راہ ہموار ہوئی، پاکستان کشیدگی میں کمی اور اصولی سفارتکاری کیلئے پرعزم ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (کائی نیوز+این ایل آئی) کور کمانڈرز کانفرنس نے سعودی عرب کے پیٹرو کیمیکل اور صنعتی کمپلیکس پر حالیہ حملوں کی شدید مذمت اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب پر حملے ایک غیر ضروری کشیدگی ہیں،
بقیہ نمبر 40

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود ملاقات کر رہے ہیں

نادرا کی نئی پالیسی، نادرا کا بچوں کے ب فارم کا نیا نظام متعارف

لاہور (خصوصی رپورٹر) نادرا نے بچوں کے
بقیہ نمبر 41

پاکستان کی سعودی عرب پر میزائل و ڈرون حملوں کی شدید مذمت

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) پاکستان سعودی
بقیہ نمبر 42

مریم نواز شریف کا صحت کے عالمی دن پر خصوصی پیغام

عوام کو صحت و علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ

متوازن غذا، ورزش اور بیماریوں سے بچاؤ کیلئے شعور اُجاگر کرنے پر زور

لاہور (خصوصی رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صحت کے عالمی دن پر صوبے بھر کے عوام کو صحت و علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے متوازن غذا، ورزش اور بیماریوں سے بچاؤ کے
بقیہ نمبر 39

وزیراعظم کا سلمان بن محمد سے رابطہ، اظہارِ یکجہتی

پاکستان کی حکومت اور عوام ہمیشہ اپنے سعودی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے، وزیراعظم شہباز شریف کی یقین دہانی

دونوں رہنماؤں کا خطے میں جاری کشیدگی پر تبادلہ خیال/ وزیراعظم نے موجودہ کشیدگی کے دوران سعودی قیادت کی جانب سے تحمل اور دانشمندی کے مظاہرے کو سراہا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی ولی عہد سے رابطہ کر کے ایک بار پھر یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیراعظم، شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز سے ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ دوران دونوں رہنماؤں نے خطے میں جاری کشیدگی پر تبادلہ خیال کیا، وزیراعظم کا کہنا تھا پاکستان کی عوام اور حکومت سعودی عرب کے ساتھ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے گفتگو کے دوران جاری حملوں کے تناظر میں سعودی عرب کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی اور مکمل حمایت کا اعادہ کیا اور سعودی عرب میں
بقیہ نمبر 6

جنگ کا 39 واں روز، تہران میں یہودی عبادت گاہ تباہ

اسرائیل کے شہری انفرا سٹرکچر پر حملے، ایران نے بھی جوابی حملوں میں امریکی تنصیبات اور اسرائیلی فوجی اہداف کو نشانہ بنایا، بڑے پیمانے پر نقصانات

اسرائیل نے ایران کا سب سے بڑا پیٹرو کیمیکل پلانٹ تباہ کر دیا، نیتن یاہو کا دعویٰ، کویت میں امریکی بیس پر حملے میں 15 فوجی زخمی

تہران (کائی نیوز+ این ایل آئی) اسرائیل نے جنگ کے 39 ویں روز بھی جارحیت جاری رکھی اور ایران کے شہری انفراسٹرکچر پر بمباری کی جس سے تہران میں ایک یہودی عبادت گاہ مکمل تباہ ہوگئی، ایران نے بھی جوابی حملوں میں امریکی تنصیبات اور اسرائیلی فوجی اہداف کو نشانہ بنایا ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیل نے ایران کا سب سے بڑا پیٹرو کیمیکل پلانٹ تباہ کر دیا ہے، پاسداران انقلاب کا مالیاتی نظام منظم طور پر ناکارہ بنا رہے ہیں، ایران کے دو بڑے پیٹرو کیمیکل کمپلیکس کو نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں ایران کی
بقیہ نمبر 38

سیالکوٹ میں ستھرا پنجاب پروگرام پر تیزی سے عملدرآمد، ڈپٹی کمشنر صبا اصغر متحرک

ڈپٹی کمشنر کا پسرور اور سمبڑیال کا دورہ، ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت جاری صفائی ستھرائی اقدامات کا جائزہ

شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کیلئے موثر، مربوط اور مستقل بنیادوں پر اقدامات کرنے کے احکامات

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی نے تحصیل پسرور اور سمبڑیال کا تفصیلی دورہ
بقیہ نمبر 7

پسرور: ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت اقدامات کا جائزہ لے رہی ہیں

بلوچستان ہائیکورٹ نے بادینی بارڈر ٹرمینل منصوبے کا اشتہار غیر قانونی قرار دیدیا

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس نے بادینی بارڈر ٹرمینل منصوبے کا
بقیہ نمبر 8

اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان سے ایران کے سفیر رضا امیری مقدم کیساتھ ملاقات کے موقع پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

شمسی توانائی و دیگر قابل تجدید ذرائع توانائی شعبہ بجلی کا مستقبل ہیں، وزیراعظم

کشیدہ صورتحال کی وجہ سے تیل کی رسد میں رکاوٹیں آئیں، پیداوار میں قابل تجدید توانائی کا مناسب حصہ ہونے سے بحران پیدا نہیں ہوا

سفارتکاری سے خلیجی ممالک کو پاکستانی برآمدات کی رسد یقینی بنائی گئی، بیٹری توانائی سٹوریج سسٹم منصوبے پر کام تیز کرنے کا حکم

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں ضروریات کے پیش نظر بجلی کی فراہمی کے لیے طویل مدتی منصوبہ بندی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں حالیہ بین الاقوامی صورت حال کے پیش نظر ملکی برآمدات کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ خطے کی کشیدہ صورتحال کی وجہ سے تیل کی رسد میں رکاوٹیں آئیں، بجلی کی
بقیہ نمبر 33

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

پی ایچ اے نے لاہور کینال کو ثقافتی رنگوں سے سجا دیا

نہر کے کنارے ثقافت کو اجاگر کرنے کیلئے مختلف خوبصورت مونومنٹس نصب

پنجاب کے دیہی اور روایتی حسن کو خاص طور پر مدنظر رکھا گیا، ایم ڈی راجہ منصور

لاہور (خصوصی رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے تحت پی ایچ اے نے شہر لاہور کی خوبصورتی کے مرکز لاہور "کینال" (نہر) پر ثقافت
بقیہ نمبر 32

وزیراعظم سے ترکیہ کی آئینی عدالت کے وفد کی ملاقات

پاکستان اور ترکیہ ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کر سکتے ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ صدیوں پر محیط پاکستان اور ترکیہ کے برادرانہ تعلقات تیزی سے جامع معاشی
بقیہ نمبر 31

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم کی ایرانی سفیر رضا امیری مقدم سے ملاقات

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے وفاقی دارالحکومت میں
بقیہ نمبر 9

معاشی ٹیم کی ٹیکس تجاویز مسترد، منی بجٹ نہیں آئیگا، وزیراعظم

کشیدہ صورتحال میں آئی ایم ایف کو ریلیف کیلئے منایا جائے، وزارت خزانہ کو ہدایت

اسلام آباد (کائی نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے معاشی ٹیم کی ٹیکس تجاویز مسترد کر دیں اور واضح کیا ہے کہ منی بجٹ آئے گا نہ سالانہ بجٹ قبل از وقت
بقیہ نمبر 10

سرکاری سکولوں میں بہترین سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح، شازیہ بانو

چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن ننکانہ صاحب شازیہ بانو کی ہدایات پر ایجوکیشن افسران کے مختلف تعلیمی اداروں کے دورے

شازیہ بانو خود بھی متحرک، متعدد اداروں میں تعلیمی سرگرمیوں کا معائنہ، میٹرک کے امتحانی سنٹرز پر اقدامات کا جائزہ

سکولوں میں بچوں کی حاضری، صفائی ستھرائی، شجرکاری مہم و دیگر نصابی سرگرمیوں کا جائزہ، طلباء و طالبات سے سوالات

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت تعلیمی شعبے میں مثبت اور دیرپا تبدیلیوں کا سفر تیزی سے جاری ہے، بات چیت

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) سی ای او ایجوکیشن ننکانہ شازیہ بانو کی ہدایات پر محکمہ تعلیم کے افسران کی جانب سے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں کے دورے کیے گئے، جن کا مقصد تعلیمی معیار، سہولیات اور جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لینا تھا۔ سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو نے خود بھی مختلف سکولوں کا دورہ کیا اور تعلیمی سرگرمیوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز شکیل احمد، ڈاکٹر اسماء احسان جبکہ
بقیہ نمبر 34

مفت سفر کی سہولت عوام کی پہلی ترجیح......!

اورنج لائن میٹرو ٹرین سے تقریباً 3 لاکھ 40 ہزار سے زائد مسافروں نے سفر کیا

6 اپریل کو مسافروں کی تعداد 10 لاکھ 31 ہزار سے تجاوز: جاری اعداد و شمار

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر تمام میٹرو بس سروسز، اورنج لائن میٹرو ٹرین، سپیڈو اور الیکٹرک بسوں سے مفت سفری سہولت کی فراہمی جاری ہے جبکہ مفت سفر کی سہولت حاصل کرنے والوں کی تعداد میں بھی غیر معمولی
بقیہ نمبر 30

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر تحصیل کمپلیکس سمبڑیال کی تزئین و آرائش و بحالی کے منصوبے کا افتتاح کرنے کے بعد دعا میں شریک ہیں

جھنگ میں ایل پی جی گیس کی مقررہ نرخوں پر فراہمی کیلئے موثر اقدامات جاری

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی ہدایات پر پیرا فورس کی کارروائیاں، زائد نرخوں پر ایل پی جی بیچنے والے متعدد پوائنٹس سیل

عوام کو ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح، کسی کو بھی ناجائز منافع خوری کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، ڈپٹی کمشنر

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی ہدایات پر ضلع بھر میں ایل پی جی گیس کی مقررہ نرخوں سے زائد قیمت پر فروخت کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس حوالے سے پیرا فورس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے زائد نرخوں پر ایل پی جی فروخت کرنے والے متعدد پوائنٹس کو سیل کر دیا۔ کارروائی کے دوران خلاف ورزی کے مرتکب دکانداروں کے خلاف قانونی
بقیہ نمبر 11

لاہور چیمبر کو بازار 8 بجے بند کرنے سے نقصانات کا خدشہ

کاروباری اوقات کار سے متعلق حکومتی فیصلے پر فوری نظرثانی کی جائے، فہیم سہگل

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فہیم الرحمٰن سہگل نے 8 بجے بند کرنے کے فیصلے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ معاشی حالات میں اس حکومت کی جانب سے ملک بھر میں مارکیٹوں کو رات
بقیہ نمبر 13

سونے کی قیمت میں معمولی اضافہ کے بعد پھر کمی

لاہور (کامرس رپورٹر) سونے کی قیمت میں
بقیہ نمبر 12

تحصیل مینیجر ایف ڈبلیو ایم سی فیصل آباد قاسم ڈلمیر کی زیر نگرانی ستھرا پنجاب مہم جاری

بھوآنہ (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق "ستھرا پنجاب" مہم کے تحت بھوآنہ میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کو مزید موثر بنا دیا گیا
بقیہ نمبر 15

ڈپٹی کمشنر قصور کا شہر کا دورہ، بیوٹیفکیشن منصوبوں کا جائزہ

فوڈ کورٹس اور بیوٹیفکیشن منصوبوں کا بنیادی مقصد ضلع کو صاف ستھرا بنانا ہے، گفتگو

قصور (بیورو چیف) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر قصور آصف رضا کا شہر کا دورہ، بیوٹیفکیشن منصوبوں اور فوڈ کورٹس پر کام کا تفصیلی جائزہ۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر قصور غلام فاطمہ، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سعد بن شبیر و دیگر
بقیہ نمبر 14

اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ صفدر شبیر یونین کونسل کوٹلی لوہاراں میں صفائی آپریشن کی نگرانی کر رہے ہیں

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان فوڈ سکیورٹی تعاون بڑھانے پر غور

ریاض (نیٹ نیوز) سعودی عرب میں پاکستان
بقیہ نمبر 29

یونین کونسل کوٹلی لوہاراں میں خصوصی صفائی آپریشن جاری

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر
بقیہ نمبر 28

وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین سے ڈی جی پھاٹا کی ملاقات

مستحق خاندانوں کے گھروں کی تعمیر کیلئے 188 ارب کے بلا سود قرضے جاری

87 ہزار سے زائد گھروں کی تعمیر مکمل، 45 ہزار گھر زیر تعمیر ہیں، صوبائی وزیر

لاہور (جنرل رپورٹر) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین سے ڈی جی پھاٹا سکندر ذیشان نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کی پیش رفت بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ پنجاب کے مستحق خاندانوں کے
بقیہ نمبر 27

جھنگ، ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب کے تمام تھانوں میں بائیو میٹرک سسٹم کے نفاذ کا فیصلہ

تمام تھانوں میں 7 روز کے اندر بائیو میٹرک ڈیوائسز کی دستیابی کو یقینی بنایا جائیگا

بغیر بائیو میٹرک ویری فکیشن کے ملزم یا مدعی کا اندراج ممکن نہیں ہوگا، ذرائع

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب پولیس نے تمام تھانوں میں بائیو میٹرک سسٹم کے نفاذ کا فیصلہ کر لیا۔ نادرا کے تعاون سے پولیس تھانوں میں بائیو میٹرک ویری فکیشن لازمی قرار دی گئی ہے اور بغیر بائیو میٹرک ویری فکیشن کے ملزم یا مدعی کا اندراج ممکن نہیں ہوگا۔
بقیہ نمبر 35

پی پی ایس سی میں امیدواروں کی گفتگو اور تصاویر بنانے پر پابندی عائد

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب پبلک سروس
بقیہ نمبر 36

سانحہ گیاری سیکٹر کے شہداء کی لازوال قربانی کی 14 ویں برسی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سانحہ گیاری سیکٹر کے شہداء کی لازوال قربانی کی گزشتہ روز 14 ویں
بقیہ نمبر 25

حکومت کا اسلام آباد میں موٹر سائیکل ٹرانسفر فیس ختم کرنیکا اعلان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پیٹرول سبسڈی
بقیہ نمبر 24

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی زیر صدارت ضلعی محکموں کے افسران کا اجلاس

عوامی ریلیف میں کوئی کوتاہی نہ برتی جائے، علی اکبر بھنڈر

گرانفروشی کیخلاف کارروائیوں میں تیزی کا حکم، زیر التواء درخواستوں کا جائزہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی زیر صدارت ضلعی محکموں کے افسران کا بذریعہ ویڈیو لنک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی گزشتہ روز کی
بقیہ نمبر 26

اٹھارہ ہزاری میں تیز ہواؤں کیساتھ بارش، گندم کی کھڑی فصل کو نقصان

متعدد علاقوں میں تیز ہوا اور مسلسل بارش کے باعث گندم کی فصل زمین پر گر گئی، کوالٹی اور پیداوار میں واضح کمی کے اندیشے

اچانک موسمی تبدیلی نے کاشتکاروں کی محنت پر پانی پھیر دیا، حکومت سے کسانوں کیلئے خصوصی امدادی پیکیج کا مطالبہ

اٹھارہ ہزاری (تحصیل رپورٹر) گزشتہ کئی روز
بقیہ نمبر 23

چیئرمین انصاری ورلڈ فیڈریشن پاکستان حاجی ممتاز یاسین انصاری کی جانب سے ملک بھر کی انصاری برادری کی تنظیمات کے اجتماع کی تصویری جھلکیاں

بھوآنہ میں جرائم کیخلاف گھیرا تنگ، ڈی ایس پی سلیم سندھو کا دبنگ اعلان

تحصیل بھوانہ میں جرائم پیشہ عناصر کے لیے کوئی جگہ نہیں چھوڑیں گے، علاقے کو جرائم سے پاک کرنا پہلی ترجیح

آئی جی پنجاب اور آر پی او فیصل آباد کے احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنا رہے ہیں، ڈی ایس پی کی گفتگو

بھوانہ (عمر وقار سے) ڈی ایس پی بھوانہ سلیم سندھو نے اپنی پہلی تعیناتی پر ہی بڑا اعلان کرتے
بقیہ نمبر 16

ننکانہ پولیس کے 7 افسران کو رینک لگانے کی تقریب

ڈی پی او ارسلان زاہد اور ایس پی حنا نیک بخت نے افسران کو رینک لگائے

تقریب میں پولیس افسران کے اہل خانہ کی بھی شرکت، مبارکباد پیش

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) ضلعی پولیس کے 7 افسران کی محکمانہ ترقیاں، ڈی پی او دفتر میں ترقی پانے والے افسران کو رینک لگانے کی پروقار تقریب
بقیہ نمبر 37

لاہور ہائیکورٹ نے 24 بھٹہ مزدوروں کو غیر قانونی حراست سے رہا کروا دیا

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے
بقیہ نمبر 22

جھنگ میں انصاری برادری کی تنظیمات کا اجتماع

مختلف شہروں سے برادری کی نمایاں شخصیات اور عہدیداران کی شرکت

مہمانوں میں سندھی ٹوپیاں، اجرک اور یادگاری شیلڈز تقسیم، پرتکلف عشائیہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) چیئرمین انصاری ورلڈ فیڈریشن پاکستان حاجی ممتاز یاسین انصاری کی جانب سے ملک بھر کی انصاری برادری کی تنظیمات کا
بقیہ نمبر 21

آن لائن جوا ایپ پروموشن کیس یوٹیوبر رجب بٹ سمیت دیگر ملزمان کی عبوری ضمانت میں توسیع

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور کی سیشن عدالت نے آن لائن جوا ایپ کی پروموشن کے مقدمے میں
بقیہ نمبر 18

ذوالفقار علی بھٹو کی 47 ویں برسی پر لندن میں تقریب

تقریب میں سینئر رہنماؤں و کارکنوں کی بھرپور شرکت، جئے بھٹو کے نعرے

سابق وزیراعظم کی سیاسی و جمہوری خدمات، عوامی جدوجہد کو سلام عقیدت پیش

اوکاڑہ (تنویر احمد شاہین) ساؤتھ لندن میں ذوالفقار علی بھٹو شہید کی 47 ویں برسی، تقریب میں جیالوں کی شرکت، خدمات کو خراج تحسین پیش
بقیہ نمبر 17

ننکانہ صاحب: ڈی پی او ارسلان زاہد اور ایس پی انویسٹی گیشن حنا نیک بخت کے ہمراہ ترقی پانے والے افسران کا گروپ فوٹو

کراچی کنگز کے کپتان ڈیوڈ وارنر پر مقدمہ درج

سڈنی کے علاقے مارو برا میں پولیس نے پی کر گاڑی چلانے پر مقدمہ درج کیا

نیو ساؤتھ ویلز میں ڈرائیور کے لیے حد 0.05 مقرر ہے، آسٹریلوی میڈیا

سڈنی (رانا آصف) آسٹریلوی کرکٹر ڈیوڈ وارنر پر شراب پی کر ڈرائیونگ کرنے کے الزام پر مقدمہ درج کر لیا گیا۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق سڈنی کے علاقے مارو برا میں پولیس نے گاڑی چلاتے ڈیوڈ وارنر کا ٹیسٹ کیا، انہوں نے پولیس کے
بقیہ نمبر 20

موجودہ حالات میں حکومت، پالیسی ساز، نجی شعبہ مل کر جامع اسٹریٹجک فریم ورک تشکیل دیں: خادم حسین

لاہور (شجاع عباس سے) فاؤنڈرز گروپ کے وائس چیئرمین، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے
بقیہ نمبر 19

ساؤتھ لندن میں قائد عوام کی برسی کی تقریب سے مقررین اظہار خیال کر رہے ہیں

بعدالت میڈم شازیہ کوثر صاحبہ
سول جج چنیوٹ

دعویٰ برائے حصول ڈگری حکم امتناعی دوامی-شمیم بی بی بنام احمد نواز وغیرہ-اخبار اشتہار- 1- احمد نواز ولد دوست محمد قوم دھرایا2- نعیم ولد عیسیٰ قوم دھرایا3- پامیلا چوہدری ولد اکبر علی قوم دھرایا4- محمد شفیع ولد باہبل 5- کوثر بی بی زوجہ دوست محمد 6-یوسف ولد محمود قوم دھرایا سکنہ چک نمبر132 ج ب تحصیل وضلع چنیوٹ-یہ کہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا کہ آپ مقررہ تاریخ پیشی 2026/04/08 کو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر مقدمہ عنوان بالا کی پیروی کریں ورنہ آپ کے خلاف کاروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قبل و قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب فرزانہ کوثر فرمان
صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

عنوان، عظمیٰ فردوس بنام سیکرٹری یونین کونسل۔دعوی استقرار حق ۔اخبار اشتہار بنام سیکرٹری یونین کونسل میونسپل کارپوریشن گوجرانوالہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 14-04-2026 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ثاقب حسین چوہدری
صاحب سول جج گوجرانوالہ

عنوان، اریشہ بنام حسنین شفیق ۔دعوی تنسیخ نکاح بربنائے خلع ۔اخبار اشتہار بنام حسنین شفیق ولد محمد شفیق ساکن شاہ پور بازار گلی نمبر2 محلہ شاہین آباد گوجرانوالہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 20-04-2026 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب زرقا ارشاد صاحبہ
سول جج گوجرانوالہ

عنوان، خرم شہزاد وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ ۔ دعوی استقرار حق وغیرہ ۔اخبار اشتہار بنام ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی جی ٹی روڈ راہوالی کینٹ گوجرانوالہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا ...

بعدالت جناب رحمان الٰہی صاحب
سول جج/فیملی کورٹ بااختیارات گارڈین جج ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر1086 مورخہ 06-04-26 سال 2026ء ۔ درخواست برائے حصول سرٹیفکیٹ گارڈین ۔ عنوان مقدمہ ۔ محمد اختر بنام عوام الناس وغیرہ۔ پتہ سائل ۔محمد اختر ولد غلام نبی قوم جٹ ساکن ساکن چک نمبر104، ج ب، تحصیل وضلع فیصل آباد۔اخبار اشتہار بنام۔ عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذ ہر خاص وعام کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 13-04-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں ۔بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب بلال افتخار صاحب
سول جج وزیرآباد

عنوان، صفدر علی بنام محمد نواز وغیرہ ۔دعوی تقسیم جائیداد وغیرہ۔اخبار اشتہار بنام بشیراں بی بی ...

بعدالت جناب فرزانہ کوثر فرمان
صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

عنوان، محمد سعید بنام صوبہ پنجاب وغیرہ۔ دعوی استقرار حق ۔اخبار اشتہار بنام صوبہ پنجاب بذریعہ ڈپٹی کمشنر ڈسٹرکٹ کلکٹر گوجرانوالہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 14-04-2026 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب چوہدری قیصر شہزاد
صاحب سینئر سول جج گوجرانوالہ

عنوان، انشاء اشرف بنام عوام الناس وغیرہ۔درخواست گارڈین۔انشاء اشرف دختر رانا محمد اشرف ساکن ڈی سی روڈ گلی نمبر1 محلہ امیر پارک تحصیل وضلع گوجرانوالہ۔اخبار اشتہار بنام عوام الناس۔ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 16-04-2026 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد ...

بعدالت جناب اسجد علی چوہدری
صاحب سول جج درجہ اوّل لاہور

دعویٰ: استقرار حق بعنوان: مسماۃ ثمر ظفر بنام محمد عباس ظفر وغیرہ مسماۃ ثمر ظفر بیوہ محمد نومیر Namair ظفر سکنہ مکان نمبر 34-F محلہ عسکری ، سرفراز رفیق روڈ لاہور کینٹ ضلع لاہور بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 18-05-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب چیئرمین صاحب
ایڈمنسٹریٹر ثالثی ومصالحتی کونسل، یونین کونسل نمبر57، مرادے کلاں، تحصیل وضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 110/2025 ۔ زیر دفعہ 6 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961 ۔ عنوان مقدمہ۔ ڈگری تنسیخ نکاح ۔ فریق اول ۔ یاسمین دختر عبد اللہ ساکن بدو مرادے ، تحصیل وضلع شیخوپورہ ۔ فریق دوئم ۔ جاوید اقبال ولد ریاست ...

بعدالت جناب صائم رضا شاہ
صاحب سپیشل جج رینٹ کنٹرولر لاہور

دعویٰ: (2) 12 بعنوان: سید ضمیر حیدر شیرازی بنام ذوالفقار علی بخاری وغیرہ اشتہار بنام: سید ذوالفقار علی بخاری ولد سید اعجاز حسین، بخاری سکنہ 27 نشتر بلاک محلہ وحدت کالونی لاہور، عامر ایوب ولد محمد ایوب سکنہ مکان نمبر1 کوئینز روڈ نزد سول لائنز لاہور بنام مسئول علیہم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مسئول علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مسئول علیہ تاریخ 14-04-2026 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر
لینڈ ریکارڈ اراضی سنٹر جھنگ/
تحصیلدار صاحب تحصیل جھنگ

عنوان تصدیق انتقال وراثت موضع ملھوآنہ

ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال: محبت خان ولد اللہ دتہ (فقہ حنفیہ) کے وارثان ...

بعدالت جناب عاشی عظمت صاحبہ
سول جج کوٹ رادھا کشن

دعویٰ: استقرار حق وغیرہ بعنوان: نجمہ بی بی بیوہ محمد اسلام ،ام حرام دختر محمد اسلام مدعیہ حقیقی والدہ ساکنائے کوٹ وسن سنگھ مدکے دھاریوال تحصیل کوٹ رادھا کشن ضلع قصور بنام عوام الناس وغیرہ اخبار اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے تاریخ 13-04-2026 کو صبح 8.00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر
لینڈ ریکارڈ اراضی سنٹر جھنگ/
تحصیلدار صاحب تحصیل جھنگ

عنوان تصدیق انتقال وراثت موضع گگڑانہ

ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال: محبت خان ولد اللہ دتہ (فقہ حنفیہ) کے وارثان ...

بعدالت جناب ملک محمد حنیف نوناری
صاحب سول جج فیملی کورٹ لاہور

درخواست زیر دفعہ 25 گارڈین بعنوان: مسٹر محمد عاصم اسلم بنام مسماۃ واحدہ عباس وغیرہ اشتہار بنام: مسماۃ واحدہ عباس زوجہ محمد عاصم اسلم دختر محمد عباس ساکن مکان نمبر 8 گلی نمبر 38 سرور سٹریٹ محلہ فیروز گنج گڑھی شاہو لاہور، افلاح IFLAH عاصم سندھو دختر محمد عاصم بذریعہ حقیقی والدہ ، اگلا دوست رپانڈنٹ نمبر 1، عبداللہ/ طٰہٰ عاصم سندھو ولد محمد عاصم اسلم بذریعہ حقیقی والدہ اگلا دوست رسپانڈنٹ نمبر 1 رسپانڈنٹ نمبر 1 حقیقی والدہ بنام مدعا علیہم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 28-04-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب ملک محمد حنیف نوناری
صاحب سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: حقوق زن آشوئی بعنوان: مسٹر محمد عاصم اسلم بنام مسماۃ واحدہ عباس وغیرہ اشتہار بنام: مسماۃ واحدہ عباس زوجہ محمد عاصم اسلم دختر ...

... علی رضا اشتہار بنام: علی رضا ولد بشیر احمد ساکن اٹھیل پور نوک ڈاکخانہ کلے والا تحصیل وضلع قصور (مدعا علیہ) ہرگاہ مدعا علیہ کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ برائے پیروی مقدمہ بالا بتقرر 09-04-2026 کو صبح 09 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

... آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 9 اپریل 2026 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

... مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 09-04-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا

تصحیح اخبار اشتہار

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ فاطمہ جناح انسٹیٹیوٹ آف ڈینٹل سائنسز، جوہر ٹاؤن، لاہور کی طرف سے مشتہرہ اخبار اشتہار IPL No 3119 مورخہ 01-04-2026 بروز بدھ روزنامہ جنگ لاہور، برائے عارضی بھرتی خالصتاً عارضی بنیادوں پر جاری کیا گیا جس میں بھرتی کے لیے عمر کی بالائی حد کو ختم کر دیا گیا ہے۔ اور درخواستیں جمع کروانے کی تاریخ میں 15-04-2026 تک توسیع کر دی گئی ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر ارمغان اسرار مرزا
ڈین
فاطمہ جناح انسٹیٹیوٹ آف ڈینٹل سائنسز، لاہور

IPL-3352

INFRASTRUCTURE DEVELOPMENT AUTHORITY OF THE PUNJAB (IDAP)
TENDER NOTICE
2026/BID/23

PROVISION OF MOVABLE FURNITURE FOR IMMERSIVE WILDLIFE EXPERIENCE (CINEMA & MOVING THEATRE) IN PUNJAB

1. The 'Infrastructure Development Authority Punjab' IDAP (Employer) has been established as an Autonomous body under the Infrastructure Development Authority of Punjab Act, 2016 by the Government of Punjab for planning, designing, construction and maintenance of infrastructure in line with best international practices to cope with future development needs.

2. Details of the procurement are as follows:

Applicable Rules	Estimated Cost	Bid Security (PKR)	Bid Validity (Days)	Bidding Procedure	Bidding Method
PPRA Rules 2014 (amended upto date)	Approximately 5.693 Million	100,000/-	120	SSTE	Open Competitive Bidding

3. Please note that the subject procurement shall be carried out through EPADS of Punjab Procurement Regulatory Authority (PPRA) only. **All interested applicants are required to register on EPADS to be eligible for participation.** Tender Notice/ Tender Document containing detailed requirements, terms and conditions is available for the registered bidders on EPADS at punjab.eprocure.gov.pk and Punjab Procurement Regulatory Authority (PPRA) Website http://eproc.punjab.gov.pk/ViewTender.aspx.The response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the Authority (PPRA).

4. The Tender documents comprising the Technical & Financial Proposal prepared in accordance with the instructions in the Tender document, must be submitted on EPADS on or before **23rd April, 2026,** no later than **03:00 PM**. Technical Proposal will be opened on the same day on EPADS at **03:30 PM.** Manual Bids shall not be accepted.

5. In case, the last date for submission of the Proposal Submission is declared a public holiday then the next working day will be considered for Proposal submission & opening.

GENERAL MANAGER (PROCUREMENT & CONTRACTS)
INFRASTRUCTURE DEVELOPMENT AUTHORITY OF THE PUNJAB (IDAP)
50 B-3, Gulberg-III, Lahore, Pakistan.
Ph: +92 (0) 42 99332632-42
procurement@idap.pk | www.idap.pk

IPL-3359

بقیہ 1

ہے کہ جیسے ہی حالات معمول پر آئیں تو ہر طرح کے کاروبار کو اوقات کار کی پابندی سے فی الفور استثنیٰ دیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت جس طرح دیگر شعبوں کو ریلیف دے رہی ہے اسی طرح چھوٹے تاجروں کے لئے بھی پیکج لایا جائے تاکہ وہ بھی اپنا روزگار چلا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کی وجہ سے کاروبار میں شدید مندی کا رجحان ہے، مہنگے یوٹیلٹی بلز کی وجہ حالات مزید ابتر ہوگئے ہیں اس لئے حکومت تاجروں کا ہاتھ تھامے۔

بقیہ 2

مرحلے میں 29 اپریل 2026 کو 50 جوڑوں کی شادیاں کروائی جائیں گی یہ تقریب مقامی میرج ہال (ردا میرج ہال راہوالی کینٹ) میں منعقد ہوگی اجلاس کے شرکاء نے ممبر قومی اسمبلی شازیہ فرید صدر خواتین ونگ پنجاب مہر ویلفیئر سوسائٹی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ غریب اور مستحق خاندانوں کی بیٹیوں کے ہاتھ پیلے کرنا ایک عظیم نیکی ہے اور اس مشن کو مل جل کر ہر صورت کامیاب بنایا جائے گا۔

بقیہ 3

کرتے ہیں شہید بھٹو نے اپنے عہد کی آمرانہ اور گھٹن زدہ سماجی و سیاسی فضا کو چیلنج کیا، اور انسانی حقوق، انسانیت کے وقار، مساوات اور انصاف کے اصولوں سے جڑے ایک نئے سیاسی شعور کی بنیاد رکھی۔

بقیہ 4

پاکستان کے وقار میں مزید اضافہ ہوا ہے، پاکستان دیرپا امن کے لئے کوششوں کی وجہ سے اس وقت پوری دنیا میں روشن ستارے کی طرح چمک رہا ہے، وفاقی حکومت نے جنگی صورتحال کی وجہ سے پیدا ہونے والی مشکلات کو کم کرنے کے لئے 129 ارب روپے کا ریلیف پیکج دیا ہے اور تمام صوبائی حکومتوں سے بھی کہا گیا ہے کہ وہ عوام پر کم سے کم بوجھ ڈالیں، میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر شذرہ منصب نے کہا کہ جنگ کی وجہ سے اس وقت پوری دنیا کو توانائی بحران کا سامنا ہے، حکومت نے بہت مجبوری میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کیا لیکن وزیراعظم شہباز شریف نے عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے پٹرول کی قیمت 80 روپے کم کی، کوئی بھی ملک جنگ کی وجہ سے معاشی اور توانائی بحران کا متحمل نہیں ہوسکتا۔

بقیہ 5

احکامات پر عملدرآمد سے انکار کیا تو ہسپتال انتظامیہ نے سخت کارروائی کرتے ہوئے تمام ملازمین کو پیڈا ایکٹ کے تحت معطل کر دیا۔

بقیہ 6

انجیبل آئل سٹیلیٹی پر ہونے والے حملے کی شدید مذمت کی۔ شہباز شریف نے ولی عہد کو یقین دلایا کہ پاکستان کی حکومت اور عوام ہمیشہ اپنے سعودی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے، جس طرح سعودی قیادت اور عوام نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا ہے۔

بقیہ 7

کیا، جہاں انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ''ستھرا پنجاب پروگرام'' کے تحت جاری صفائی ستھرائی کے اقدامات کا جائزہ لیا۔ تحصیل پسرور کے مواضعات تلونڈی عنایت خان، رام کے، ننگلیاں اور چونڈہ پھاٹک میں ڈپٹی کمشنر نے بلک ویسٹ لفٹنگ اور نالوں کی ڈی سلٹنگ کے کاموں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ صفائی کے عمل کو مزید مؤثر، مربوط اور مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جائے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 8

اشتہار غیر قانونی قرار دے دیا۔ چیف جسٹس عدالت عالیہ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے 12 مئی 2025 کا اشتہار اور 18 اکتوبر 2025 کا کورینڈم منسوخ کر دیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ پراجیکٹ ڈائریکٹر کی تقرری قواعد کے مطابق نئے سرے سے کی جائے۔ بلوچستان ہائی کورٹ نے تقرری کے لیے شفاف سلیکشن کمیٹی بنانے کی ہدایت کر دی۔ عدالت نے قرار دیا کہ قانون جس طریقہ کار کا تعین کرے اسی پر عمل لازم ہے۔ ہائیکورٹ کے فیصلے کے مطابق پلاننگ کمیشن قواعد کے برعکس تقرری کا اشتہار جاری کیا گیا تھا۔ عدالت نے منصوبے سے متعلق ٹینڈر کا عمل بھی ایک طرف رکھتے ہوئے پراجیکٹ ڈائریکٹر کی تقرری تک منصوبے پر مزید کارروائی روکنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے آئینی درخواست منظور کرتے ہوئے اشتہار کالعدم قرار دیا۔ فیصلے کی نقل ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان اور متعلقہ حکام کو ارسال کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔

بقیہ 9

ایرانی سفیر رضا امیری مقدم سے ملاقات کی۔ ملاقات میں خطے کی صورتحال اور ایران پر مسلط جنگ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر حافظ نعیم الرحمان نے کہا مشکل کی اس گھڑی میں پوری قوم ایران کے ساتھ ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے ایرانی قوم کی استقامت اور شجاعت کو خراج تحسین پیش کیا۔ ایرانی سفیر نے پاکستانی قوم، حکومت اور جماعت اسلامی کے دوٹوک مؤقف پر شکریہ ادا کیا۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ مشکل کی گھڑی میں پوری پاکستانی قوم اپنے ایرانی بہن بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے، مسلم ممالک کو اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ فلسطین کی آزادی، خودمختار ریاست اور مسجد اقصیٰ کی آزادی تک جدوجہد جاری رہے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ امریکہ ایران پر حملے بند اور خطے سے اپنے اڈے ختم کرے۔

بقیہ 10

پیش ہوگا۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کے لیے معاشی ٹیم نے ٹیکس تجاویز پیش کیں جنہیں وزیراعظم نے مسترد کر دیا اور واضح کیا کہ فی الحال کوئی نیا ٹیکس بھی نہیں لگے گا، عوام کو ریلیف دینے کے اقدامات پر توجہ رکھی جائے۔ وزیراعظم نے مئی کے آخری ہفتے میں بجٹ پیش کرنے کی تجویز بھی مسترد کر دی اور معاشی ٹیم کو ہدایت کی کہ جون سے پہلے نہ ٹیکس اور نہ ہی مئی بجٹ لایا جائے۔ وزیراعظم نے منی بجٹ کے ذریعے مختلف ٹیکس کی تجاویز مسترد کر دیں۔

بقیہ 11

کارروائی بھی عمل میں لائی گئی جبکہ بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کا کہنا ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور کسی کو بھی ناجائز منافع خوری کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایل پی جی سمیت اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ عوام سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ مقررہ نرخوں سے زائد وصولی کی شکایات ضلعی انتظامیہ کو فوری طور پر اطلاع دیں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

بقیہ 12

اتار چڑھاؤ کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں سونے کی قیمت معمولی اضافے کے بعد پھر کم ہوگئی۔

بقیہ 13

نوعیت کے اقدامات اقتصادی سرگرمیوں کو مزید سست کر سکتے ہیں، لہٰذا حکومت اس فیصلے پر فوری نظرثانی کرے اور تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد قابل عمل پالیسی مرتب کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت اس وقت متعدد چیلنجز سے

دوچار ہے جن میں مہنگائی، کاروباری لاگت میں اضافہ، توانائی کی بلند قیمتیں، شرح سود اور کمزور خریداری قوت شامل ہیں۔ ایسے حالات میں کاروباری اوقات کار کو محدود کرنا معیشت کے لیے مثبت قدم ثابت نہیں ہوگا بلکہ اس سے مارکیٹ سرگرمیوں، سیلز اور تجارتی اعتماد پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ صدر لاہور چیمبر نے کہا کہ بزنس کمیونٹی پہلے ہی غیر یقینی معاشی صورتحال کے باعث شدید دباؤ کا شکار ہے۔ تاجروں، دکانداروں اور چھوٹے کاروباروں کی بڑی تعداد اپنی بقا کی جنگ لڑ رہی ہے، جبکہ صارفین کی قوت خرید میں کمی کے باعث کاروبار محدود ہو چکے ہیں۔

بقیہ 14

متعلقہ افسران نے اُن کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے فوڈ کارٹ پارک بلدیہ چوک سمیت مختلف مقامات پر جاری بیوٹیفکیشن منصوبوں پر پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے بالخصوص فوڈ کارٹ پارک بلدیہ چوک کا معائنہ کیا اور وہاں تعمیراتی کام کے معیار اور رفتار کو پرکھا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے واضح کیا کہ ترقیاتی کاموں میں میٹریل کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ہر مرحلے پر شفافیت اور بہترین معیار کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 15

ہے۔ اس حوالے سے تحصیل مینیجر FWMC قاسم ڈلمیر نے کہا ہے کہ FWMC کے ورکرز روزانہ کی بنیاد پر شہر بھر میں گلی محلوں کی صفائی، سڑکوں کی صفائی اور ڈور ٹو ڈور کولیکشن کے فرائض بھرپور انداز میں سرانجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا ادارے کی اولین ترجیح ہے، جبکہ صفائی مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صفائی عملہ دن رات محنت کر رہا ہے تاکہ بھوآنہ کو صاف، خوبصورت اور مثالی شہر بنایا جا سکے۔

بقیہ 16

ہوئے واضح کر دیا ہے کہ تحصیل بھوانہ میں جرائم پیشہ عناصر کے لیے کوئی جگہ نہیں چھوڑیں گے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی پہلی ترجیح بھوانہ کو جرائم سے پاک کرنا ہے، اور وہ پنجاب پولیس کے اعلیٰ حکام آئی جی پنجاب اور آر پی او فیصل آباد کے احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنا رہے ہیں ڈی ایس پی سلیم سندھو نے دوٹوک انداز میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر یا تو خود علاقہ چھوڑ دیں یا قانون کی گرفت کے لیے تیار ہو جائیں، کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 17

کیا۔ تفصیلات کے مطابق ساؤتھ لندن میں شہید ذوالفقار علی بھٹو کی 47ویں برسی کے موقع پر تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں مقامی عہدیداروں اور ممبران سمیت جیالوں نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں شرکاء نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی خدمات، جمہوریت اور ملک پاکستان کے لیے دی گئی قربانیوں اور عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان پیپلز پارٹی گریٹر لندن کے صدر میاں سلیم اور مشتاق لاشاری تھے۔ جبکہ صدارت پیپلز پارٹی برطانیہ کے مرکزی صدر محسن باری نے کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اکرم قائم خانی، اشرف چغتائی، آغا تنویر اقبال، سید علی کرمانی، مرزا آفتاب احمد باغی، شگفتہ نسرین اور سمیع علی سمیت دیگر مقررین نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو ایک عہد ساز شخصیت تھے۔ جنہوں نے پاکستانی عوام کو سیاسی شعور دیا اور انہیں اپنے حقوق کے حصول کے لیے کھڑا ہونا سکھایا۔ مقررین نے کہا کہ بھٹو کا فلسفہ آج بھی زندہ ہے پاکستان پیپلز پارٹی اسی نظریے پر کاربند رہتے ہوئے عوامی خدمات کا سفر جاری رکھے ہوئے ہے۔ مقررین نے مزید کہا کہ بھٹو شہید نے ملک میں آئین سازی، خارجہ پالیسی اور عوامی فلاح و بہبود کے شعبوں میں جو کارنامے سرانجام دیے ہیں وہ تاریخ کا روشن باب ہیں۔ کارکنان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو شہید کے سیاسی مشن کو جاری رکھتے ہوئے عوامی خدمت اور جمہوریت کے استحکام کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 18

یوٹیوبر رجب بٹ سمیت دیگر ملزمان کی عبوری ضمانت میں 28 اپریل تک توسیع کر دی۔ ایڈیشنل سیشن جج ذوالفقار احمد نعیم عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی۔ ملزمان یوٹیوبر رجب بٹ، ندیم مبارک اور زرق احمد نے پیش ہوکر حاضری مکمل کرائی۔

بقیہ 19

بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پورروڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ کی مسلسل بدلتی ہوئی صورتحال نے عالمی سیاست اور معیشت پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں، حکومت اور پالیسی سازوں کو اب محض روایتی پالیسیوں پر انحصار کرنے کے بجائے فوری طور پر پلان بی اور پلان سی پر کام شروع کرنا ہوگا تاکہ مستقبل کے حوالے سے حکمت عملی مرتب کی جاسکے۔

بقیہ 20

ٹیمنگ سینٹر سے پہلے ہی گاڑی روکی تو اہلکاروں نے ان کا بریتھ ٹیسٹ لیا۔ ڈیوڈ وارنر کا ٹیسٹ مثبت آنے پر پولیس نے ان کے خلاف مقدمہ درج کیا اور نیو ساؤتھ ویلز پولیس نے انہیں گرفتار کر کے پولیس اسٹیشن منتقل کر دیا تاہم کچھ رپورٹس کے مطابق دوسرے ٹیسٹ نے مبینہ طور پر 0.104 رزلٹ آیا، ان پر درمیانے درجے کا مشروب لے کر ڈرائیونگ کا الزام عائد کیا گیا ہے، نیو ساؤتھ ویلز میں ڈرائیور کے لیے حد 0.05 مقرر ہے۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق ڈیوڈ وارنر کو 7 مئی کو عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ پولیس نے اپنے ایک بیان میں بتایا کہ اتوار کی شام تقریباً ساڑھے پانچ بجے ایک وین کو روکا گیا اور ایک 39 سالہ ڈرائیور کا ٹیسٹ کیا گیا جو مثبت آیا، "اس شخص کو 7 مئی 2026 کو جمعرات کو ڈاؤننگ سینٹر لوکل کورٹ کے سامنے پیش ہونے کا نوٹس جاری کر دیا گیا۔ یاد رہے کہ ڈیوڈ وارنر پی ایس ایل میں کراچی کنگز کی کپتانی کر رہے ہیں، وہ پی ایس ایل سے چند روز کی چھٹیوں پر آسٹریلیا گئے تھے اور 9 اپریل کو انہیں ٹیم کو دوبارہ جوائن کرنا تھا۔

بقیہ 21

ایک پروقار اجتماع منعقد کیا گیا، جس میں مختلف شہروں سے برادری کے عہدیداران اور نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں بطور مہمان خصوصی صدر مرکزی تنظیم انصاری برادری پاکستان حاجی آزاد ناصر انصاری جبکہ بطور مہمان خاص ترجمان گورنر سندھ اسد عثمانی شریک ہوئے۔ دیگر مہمانوں میں ملک بھر سے انصاری برادری کی مختلف تنظیمات کے صدور بھی شامل تھے۔ مہمانوں کا پرتپاک استقبال پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے اور ہار پہنا کر کیا گیا۔ اپنے خطاب میں حاجی آزاد ناصر انصاری نے کہا کہ اس نوعیت کے اجتماعات برادری میں اتحاد و اتفاق کو فروغ دیتے ہیں اور باہمی روابط کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ منظم اور متحد برادری ہی ترقی کی ضامن ہوتی ہے۔ تقریب کے میزبان حاجی ممتاز یاسین انصاری نے معزز مہمانوں کی آمد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی شرکت سے تقریب کی رونق میں اضافہ ہوا اور یہ ہمارے لیے باعث حوصلہ افزائی ہے۔ آخر میں مہمانوں میں سندھی ٹوپیاں، اجرک اور یادگاری شیلڈز تقسیم کی گئیں جبکہ شرکاء کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ بھی دیا گیا۔

بقیہ 22

ایک بھٹہ سے 24 مزدوروں کو غیر قانونی حراست سے بازیاب کروا کر رہا کر دیا۔ بازیاب ہونے والوں میں مرد، خواتین اور بچے شامل ہیں۔ جسٹس جواد ظفر بھیشری بوٹا مسیح کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ بھٹہ مالک رانا بشارت نے چھ سال سے ان کے خاندان کے افراد کو جبری مشقت کرانے کے لئے غیر قانونی طور پر حراست میں رکھا ہوا تھا اور کام کا قانونی معاوضہ بھی نہیں دیا جا رہا تھا۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی کہ خاندان کے تمام افراد کو فوری طور پر بھٹہ مالک کی حراست سے بازیاب کروایا جائے۔ دوسری جانب بھٹہ مالک رانا بشارت نے موقف اختیار کیا کہ مزدوروں نے قرض کی ادائیگی کے لئے اپنی مرضی سے بھٹہ پر کام کیا اور کسی کو غیر قانونی طور پر حراست میں نہیں رکھا گیا۔ عدالتی حکم کے بعد پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے بھٹہ مزدوروں کو بازیاب کروایا اور عدالت کے روبرو پیش کیا۔ جس پر عدالت نے مزدوروں کی رہائی کا حکم دیا۔

بقیہ 23

سے جاری بارشوں اور تیز ہواؤں کے باعث اٹھارہ ہزاری اور گردونواح میں گندم کی تیار فصل کو شدید نقصان پہنچنے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ متعدد علاقوں میں تیز ہوا اور مسلسل بارش کے باعث گندم کی فصل زمین پر گر گئی ہے، جس سے نہ صرف فصل کی کوالٹی متاثر ہو رہی ہے بلکہ پیداوار میں واضح کمی کا اندیشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ کاشتکاروں کے مطابق گندم کی فصل مکمل طور پر پک کر تیار تھی، اور کٹائی کے آخری مراحل میں داخل ہو چکی تھی، تاہم اچانک موسمی تبدیلی نے ان کی محنت پر پانی پھیر دیا۔ زمین پر گرنے والی فصل کو کاٹنا مشکل ہو جاتا ہے جبکہ دانہ بھی خراب ہونے لگتا ہے، جس سے کسانوں کو مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مقامی کسانوں کا کہنا ہے کہ اگر بارش اور تیز ہوا کا سلسلہ مزید جاری رہا تو نقصان میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے، جس سے نہ صرف کسان متاثر ہوں گے بلکہ مجموعی طور پر گندم کی پیداوار پر بھی منفی اثرات مرتب ہوں گے، کاشتکاروں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر متاثرہ علاقوں کا سروے کر کے نقصانات کا تخمینہ لگایا جائے اور کسانوں کی لیے خصوصی امدادی پیکج کا اعلان کیا جائے تاکہ ان کے نقصانات کا ازالہ ممکن بنایا جا سکے

بقیہ 24

سے فائدہ اٹھانے کے لیے حکومت نے اسلام آباد میں موٹر سائیکل ٹرانسفر فیس ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا ہے کہ اسلام آباد میں موٹر سائیکلوں کی ٹرانسفر فیس 1 ماہ کے لیے معاف کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موٹر سائیکل ٹرانسفر فیس وزیر اعظم کے عوامی ریلیف اور سبسڈی اقدام کے تحت معاف کی ہے۔ دوسری جانب ڈی جی ایکسائز عرفان میمن کا کہنا ہے کہ شہری ایکسائز آفس اسلام آباد سے بغیر کسی فیس موٹر سائیکل اپنے نام کروا سکیں گے۔

بقیہ 25

برسی منائی گئی۔ سیاچن کا محاذ دنیا کا بلند ترین میدان جنگ تصور کیا جاتا ہے جہاں دشمن کے ساتھ ساتھ سخت ترین موسمی حالات بھی پاک فوج کے افسران اور جوانوں کے لئے ایک کڑی آزمائش ہوتے ہیں۔ اسی محاذ پر 7 اپریل 2012 کو ایک نہایت دلخراش سانحہ پیش آیا، جب برفانی تودہ گرنے سے وطن کے دفاع پر مامور پاک فوج کے متعدد جوان اس کی زد میں آ گئے۔ اس المناک حادثے کے نتیجے میں پاکستان آرمی کا ایک بٹالین ہیڈکوارٹر مکمل طور پر برف تلے دب گیا، جہاں موجود 129 بہادر فوجیوں نے وطن عزیز کی حرمت پر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور شہادت کا عظیم رتبہ حاصل کیا۔ اس سانحے کی شدت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ غیر ملکی ریسکیو ٹیموں نے بھی اس مشکل مشن کو ناممکن قرار دے دیا تھا، تاہم حب الوطنی کے جذبے سے سرشار پاک فوج کے انجینئرز کور نے اس چیلنج کو قبول کیا اور افسران و جوانوں کی انتھک محنت، عزم اور بہادری کے باعث یہ مشکل ترین ریسکیو آپریشن مکمل کیا گیا۔ سانحہ گیاری کے شہداء کی یاد میں سیاچن کے محاذ پر یادگار شہداء بھی تعمیر کی گئی ہے۔

بقیہ 26

کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور آٹے کی سرکاری نرخوں پر دستیابی کو ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ گرانفروشی کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں کسی کوتاہی نہ برتی جائے۔ ای بز پورٹل پر زیر التوا درخواستوں کا بھی

تلاش گمشدہ پاسپورٹس

میرے دو عدد پاسپورٹ نمبران BA5792471-1 اور BA5792472-2 مورخہ 07-04-2026 کو علاقہ تھانہ صدر اسٹیل باغ چوک قصور میں گر کر گم ہوگئے ہیں جو کافی تلاش و پتہ جوئی کے باوجود دستیاب نہ ہوسکے ہیں۔ لہٰذا جس کسی کو ملیں مندرجہ ذیل پتہ پر بھیجوا دیں نہ ملنے پر Duplicate پاسپورٹس حاصل کرنیکا حقدار ہوں۔ اگر کوئی انکا غیر قانونی استعمال کریگا تو مستوجب کارروائی ہوگا۔ المشتہر: ثناء اللہ ولد محمد طفیل سکنہ ڈاکخانہ خاص چک بلیانہ تحصیل وضلع قصور۔

بعدالت جناب محمد عثمان علی صاحب
تحصیلدار/تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست برائے انتقال وراثت موضع 2 ون ایل تحصیل رینالہ خورد زیر فیصلہ منجانب نذیر احمد ولد علی محمد متوفی بحق وارثان بازگشت میں سیداں بی بی بیوہ (بعد میں فوت شد)، محمد صادق عاشق حسین، محمد حسین، منور حسین، شوکت علی، پسران، نشاء بی بی، ارشاد بی بی دختران متوفی کے وارثان میں شامل ہیں انکے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب علی نقی ٹیپو صاحب
سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بعنوان: عابدہ منیر بنام محمد منیر اشتہار بنام: محمد منیر ولد محمد حنیف سکنہ حسن، کوٹ رائیونڈ روڈ لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 09-04-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب محمد عثمان علی صاحب
تحصیلدار/تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر 11 ون اے ایل تحصیل رینالہ خورد زیر فیصلہ منجانب محمد اشرف ولد محمد یعقوب متوفی بحق وارثان بازگشت میں حشمت بی بی والدہ اش (بعد میں فوت شد)، ثریا بی بی بیوہ، محمد عثمان پسر، راشدہ اشرف، عابدہ اشرف، حفصہ عظیم، حوریہ اشرف دختران متوفی کے وارثان میں شامل ہیں انکے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

تفصیلی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ تمام درخواستوں کو مقررہ وقت میں نمٹایا جائے تاکہ شہریوں کو بروقت سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتالوں میں ڈیپ کلیننگ، سکولوں، کالجوں اور سرکاری دفاتر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ صاف ستھرا ماحول شہریوں کی صحت کے لیے نہایت ضروری ہے۔

بقیہ 27

گھروں کی تعمیر کیلئے 188 ارب کی خطیر رقم کے بلاسود قرضے جاری کیے جا چکے ہیں۔ اب تک 87 ہزار سے زائد گھروں کی تعمیر مکمل جبکہ 45 ہزار گھر زیر تعمیر ہیں۔ 1 لاکھ 33 ہزار 990 مستحق خاندانوں کو قرض فراہم، 18 ہزار کے قریب افراد کو جلد بلاسود قرض کی فراہمی ہوگی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اب تک مستفید افراد کی جانب سے ماہانہ اقساط کی مد میں 9.67 ارب روپے جمع کروائی جا چکے ہیں۔ وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ کا کہنا تھا کہ حکومت کا عزم ہے کہ ہر مستحق خاندان کو اپنی چھت فراہم کی جائے۔ کم آمدن والے افراد کو باعزت طریقے سے گھر بنانے کے قابل بنانا ترجیح ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر خواتین، یتیموں اور کمزور طبقات کو اس سکیم میں خصوصی ترجیح دی جا رہی ہے۔ وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کا مزید کہنا تھا کہ قرضوں کو مرحلہ وار تعمیر سے منسلک کر کے فنڈز کے درست استعمال کو یقینی بنانا اصل کامیابی ہے۔

بقیہ 28

سیالکوٹ صفدر شبیر کی نگرانی میں یونین کونسل کوٹلی لوہاراں میں خصوصی صفائی آپریشن کیا گیا جس کے دوران 15 گلیوں کی سیوریج لائنز سے ڈی سلٹنگ کی گئی جبکہ کوڑے اور گندگی کے 39 ڈھیروں کو مکمل طور پر اٹھا کر ٹھکانے لگایا گیا۔ اس کے علاوہ 3 خالی پلاٹس اور 3 ویسٹ پوائنٹس کو بھی صاف کر دیا گیا۔ اس صفائی کی خصوصی مہم میں 53 سینیٹری ورکرز اور 12 لوڈر رکشوں نے حصہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر صفدر شبیر نے صفائی کے عمل کا خود جائزہ لیا اور متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ تمام علاقوں میں صفائی کا عمل روزانہ کی بنیاد پر یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ نالیوں اور گلیوں کی صفائی، کوڑا کرکٹ کی بروقت تلفی اور ویسٹ پوائنٹس کی مستقل نگرانی شہری سہولت کے لئے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس خصوصی صفائی مہم کے دوران ان علاقوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے جہاں بارشوں یا سیوریج کے باعث گندگی اور تعفن پیدا ہو رہا تھا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ صفائی برقرار رکھنے کے لئے ضلعی انتظامیہ سے تعاون کریں، گھروں اور دکانوں کا کوڑا مقررہ مقامات پر رکھیں اور گلیوں، خالی پلاٹس یا نالیوں میں کچرا پھینکنے سے گریز کریں۔

بقیہ 29

کے سفیر احمد فاروق نے سعودی ادارہ برائے غذائی تحفظ کے نائب صدر محمد الفوزان سے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان فوڈ سیکیورٹی کے شعبے میں تعاون کو فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ جنرل فوڈ سیکیورٹی اتھارٹی کے دفتر میں منعقد ہونے والی ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور غذائی تحفظ کے شعبے میں مشترکہ اقدامات کو وسعت دینے پر غور کیا گیا۔ ملاقات کے دوران اس بات پر زور دیا گیا کہ دونوں ممالک زرعی پیداوار، سپلائی چین مینجمنٹ اور خوراک کے تحفظ جیسے اہم شعبوں میں ایک دوسرے کے تجربات اور مہارت سے بھرپور استفادہ کر سکتے ہیں۔

بقیہ 30

اضافہ ہو رہا ہے۔ پنجاب ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کی رپورٹ کے مطابق 6 اپریل کو مسافروں کی تعداد 10 لاکھ 31 ہزار سے زائد پہنچ گئی۔ اورنج لائن میٹرو ٹرین سے تقریباً 3 لاکھ 40 ہزار سے زائد مسافروں نے سفر کیا۔ لاہور میٹرو بس سروس سے تقریباً 1 لاکھ 57 ہزار سے زائد جبکہ سپیڈو بسز سے 1 لاکھ 63 ہزار سے زائد مسافروں کو فری سفر کی سہولت حاصل ہوئی۔ پی ایم اے کے تحت لاہور میں چلنے والی گرین

بعدالت جناب اسجد علی چوہدری
صاحب سول جج درجہ اوّل لاہور

دعویٰ: استقرار حق بعنوان: بلال فرخ سید وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام: حلقہ پٹواری حد بست موضع Sehypal کینٹ لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 20-04-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب ملک محمد حنیف نوناری
صاحب سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بعنوان: مسماۃ سویرا بی بی بنام شعیب ملک اشتہار بنام: شعیب ملک ولد محمد اختر سکنہ Ghela خورد جیون روڈ تحصیل و ضلع راولپنڈی بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 13-04-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب علی نقی ٹیپو صاحب
سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بعنوان: مسماۃ رابعہ اقبال بنام مبشر اشتہار بنام: مبشر ولد دلشاد قوم راجپوت سکنہ سلانوالی ضلع سرگودھا بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 16-04-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب ملک محمد حنیف نوناری
صاحب سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بعنوان: ثمینہ عامر بنام عامر یوسف اشتہار بنام: عامر یوسف ولد محمد یوسف سکنہ مکان نمبر 10 گلی نمبر 9 تکیہ چوک کھاڑک ملتان روڈ لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 14-04-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

الیکٹرک بسوں سے 6 اپریل کو ساڑھے 23 ہزار سے زائد مسافروں نے فری سفر کیا۔ اس کے علاوہ راولپنڈی میں گرین الیکٹرک بسوں سے تقریباً 40 ہزار جبکہ پاکستان میٹرو بس سروس سے 1 لاکھ 90 ہزار سے زائد مسافر مستفید ہوئے۔ ملتان میٹرو بس سسٹم سے 82 ہزار سے زائد جبکہ فیڈر روٹس سے تقریباً 31 ہزار مسافروں نے سفر کیا۔ رپورٹ کے مطابق عام دنوں کے لحاظ سے مفت سفری سہولت حاصل کرنے والوں کی تعداد میں 61 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ بلال اکبر خان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے اقدام کو عوامی پذیرائی حاصل ہوئی ہے اور لوگ نجی سواری کی بجائے مفت سفری سہولت کو ترجیح دے رہے ہیں جو کہ ایک خوش آئند بات ہے۔

بقیہ 31

شراکت داری کی جانب گامزن ہیں، انصاف تک رسائی کے حصول کیلئے پاکستان اور ترکیہ ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ترکیہ کی آئینی عدالت کے صدر قادر اوزقایا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے منگل کو یہاں وفد کے ہمراہ ان سے ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ صدیوں پر محیط پاکستان اور ترکیہ کے برادرانہ تعلقات تیزی سے ایک جامع معاشی شراکت داری کی جانب گامزن ہیں، شہریوں کی انصاف تک رسائی کے حصول کیلئے پاکستان اور ترکیہ ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ترکیہ کے وفد کے حالیہ دورے کے دوران اسی سلسلے میں دستخط ہونے والی مفاہمتی یادداشت اس منزل کی طرف پہلا قدم ہے، انصاف کی جلد فراہمی کے لیے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال کے سلسلے میں دونوں ممالک کے درمیان تجربات کے تبادلے کی وسیع استعداد موجود ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ موسمیاتی تبدیلی، انسداد دہشتگردی، امیگریشن اور دیگر شعبوں میں قوانین اور ان کے نفاذ کے سلسلے میں ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ ترکیہ کے عدالتی جج کے صدر قادر اوزقایا نے پاکستان میں شاندار مہمان نوازی پر اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ محبت ہر ترک کی رگوں میں بہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترکیہ کی آئینی عدالت 64 سال پرانی ہے اور اپنے اس وسیع تجربے کے تبادلے کیلئے پاکستان کے ساتھ ایک پائلٹ پراجیکٹ شروع کرنے کے لیے تیار ہے۔ ملاقات میں ترکیہ کے آئینی عدالت کے فاضل جج صاحبان رضوان گیونچ اور جاری آق بل کیعلاوہ پاکستان میں ترکیہ کے سفیر عرفان نذیر اوغلو کے علاوہ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر قانون منصور اعوان، اعظم نذیر تارڑ، اٹارنی جنرل منصور اعوان، وزیر مملکت قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک اور معاون خصوصی طارق فاطمی بھی موجود تھے۔

بقیہ 32

کو اجاگر کرنے والے مختلف ثقافتی مونومنٹس نصب کر دیے گئے ہیں۔ ایم ڈی پی ایچ اے راجہ منصور احمد کے مطابق کینال کی تزئین و آرائش کے دوران پنجاب کے دیہی اور روایتی حسن کو خاص طور پر مدنظر رکھا گیا ہے۔ نہر کے اندر مختلف مقامات پر نصب کیے گئے فن پاروں میں بیل گاڑیاں، لہروں پر تیرتی کشتیاں، اور پنجاب کی روایتی پہچان کی عکاسی کرتی کھیلتی گڈیاں شامل ہیں، جو نہ صرف شہر کے حسن میں اضافہ کر رہی ہیں بلکہ نئی نسل کو اپنی ثقافت سے بھی روشناس کروا رہی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ کینال میں ڈولفن مچھلیوں کے ماڈلز بھی نصب کیے گئے ہیں جو رات کے وقت برقی قمقموں کی روشنی میں انتہائی دلکش منظر پیش کرتے ہیں۔ ایم ڈی پی ایچ اے لاہور راجہ منصور احمد کا کہنا ہے کہ یہ تمام اقدامات وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے عین مطابق کیے جا رہے ہیں، جس کا مقصد لاہور کو ایک سرسبز، شاداب اور ثقافتی طور پر زندہ شہر کے

بعدالت جناب عاشی عظمت صاحبہ
سول جج / گارڈین جج کوٹ رادھا کشن ضلع قصور

دعویٰ: استقرار حق وغیرہ، بعنوان: حفیظ بی بی دختر مرزا محمد رمضان ذات مغل بنام محمد ایوب وغیرہ اخبار اشتہار بنام: محمد ایوب ولد میگا قوم مغل ساکن نزد نورانی مسجد بابا شاہ دارڑہ والا لاہور تحصیل کینٹ ضلع لاہور ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے تاریخ 09-04-2026 کو صبح 8.00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد نعمان لیسین
صاحب سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح بعنوان: مسماۃ صدف بی بی بنام آصف علی اشتہار بنام: آصف علی ولد دارہ سکنہ Dara چک نمبر 243 جھوک کھرلاں Kharala تحصیل و ضلع فیصل آباد بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 09-04-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب محمد عثمان علی صاحب
تحصیلدار/تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر 12 ون اے ایل تحصیل رینالہ خورد زیر فیصلہ منجانب محمد لطیف ولد فقیر محمد متوفی بحق وارثان بازگشت میں سلیمہ بی بی بیوہ (بعد میں فوت شد)، خان شبیر، محمد انیس، محمد نوید، محمد تنویر، محمد بشیر (بعد میں فوت شد)، محمد جمیل (بعد میں فوت شد)، محمد خلیل (بعد میں فوت شد) پسران، مقصوداں بی بی، نجمہ بی بی دختران، حامد ادریس، اشرف علی پوتے، ثانیہ پوتی متوفی کے وارثان میں شامل ہیں انکے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب نعمان ناصر صاحب
سول جج ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ: استقرار حق بعنوان: نہال ملک بنام عوام الناس وغیرہ نہال ملک ولد ریاض ملک سکنہ مکان نمبر 705 گلی نمبر 26 بلاک Jasmine بحریہ ٹاؤن لاہور بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 09-04-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

طور پر دنیا بھر میں متعارف کروانا ہے۔ پی ایچ اے کی ٹیمیں شہر کے چوکوں، چوراہوں اور شاہراہوں کو دیدہ زیب بنانے کے لیے دن رات متحرک ہیں تاکہ شہریوں کو ایک بہترین ماحول فراہم کیا جا سکے۔ شہریوں اور سیاحوں کی بڑی تعداد ان نئے مونومنٹس کو دیکھنے کے لیے کینال روڈ کا رخ کر رہی ہے۔

بقیہ 33

پیداوار میں قابل تجدید توانائی کا مناسب حصہ ہونے سے بحران پیدا نہیں ہوا۔ وزیراعظم نے بیٹری توانائی اسٹوریج سسٹم کے منصوبے پر کام تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شمسی توانائی اور دیگر قابل تجدید توانائی کے ذرائع ہی بجلی کے شعبے کا مستقبل ہیں، عالمی کشیدگی اور چیلنجز کے باوجود خلیجی ممالک کو پاکستانی برآمدات جاری ہیں۔ وزیراعظم نے پی این ایس سی کی برآمدات بڑھانے کے لیے جہازوں کا انتظام کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کامیاب سفارت کاری سے خلیجی ممالک کو پاکستانی برآمدات کی رسد یقینی بنائی گئی۔

بقیہ 34

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز آسیہ امیر، عاصمہ افشین اور شاہدہ پروین، جاوید گل نے گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول چھبر کالونی، گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول کیٹیانوالہ، احمد پورہ، کانوانوالی، کیمونٹی ماڈل سکول نتھووالہ، کمال پور، گورنمنٹ ہائی سکول برخوردار، کیمونٹی ماڈل سکول بورالہ، دھورکوٹ سمیت متعدد سکولوں کا اچانک دورہ کیا۔ افسران نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کے تعلیم دوست وژن کے تحت سکولوں میں مفت سہولیات کی فراہمی، جاری ترقیاتی کاموں اور تعلیمی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس دوران بچوں کی حاضری، صفائی ستھرائی، شجرکاری مہم اور دیگر ہم نصابی سرگرمیوں کو بھی چیک کیا گیا دوران وزٹس افسران کلاس رومز میں گئے، طلبہ سے سوال و جواب کیے انکی تعلیمی استعداد کا جائزہ لیا اور مختصر لیکچرز بھی دیے۔ طلبہ کا ہوم ورک چیک کیا گیا اور اساتذہ کو تدریسی عمل مزید بہتر بنانے کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو نے گورنمنٹ ماڈل پرائمری سکول ملک پور اور گورنمنٹ ہائی سکول نوری اللہ یار کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے کلاس میں جا کر بچوں سے بات چیت کی، سوالات پوچھے اور ان کی رہنمائی کے لیے مختصر لیکچر دیا۔ اس موقع پر انہوں نے طلبہ کا ہوم ورک بھی چیک کیا اور تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ گورنمنٹ ہائی سکول نوری اللہ یار میں جاری پولیو ٹریننگ سیشن کا بھی جائزہ لیا گیا سی ای او ایجوکیشن نے ٹریننگ سیشن میں حصہ لینے والے ملازمین کو ہدایت کی کہ پولیو ایک قومی ذمہ داری ہے اور اس مہم کو انتہائی سنجیدگی اور ذمہ داری کے ساتھ کامیاب بنایا جائے تاکہ بچوں کو موذی مرض سے محفوظ رکھا جا سکے۔ سی ای او شازیہ بانو نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے تحت تعلیمی شعبے میں مثبت اور دیرپا تبدیلیوں کا سفر تیزی سے جاری ہے اور سرکاری سکولوں میں سہولیات کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو نے داخلہ مہم کے حوالے سے خصوصی پیغام دیتے ہوئے کہا کہ والدین اپنے بچوں کو قریبی سرکاری سکولوں میں داخل کروائیں۔ حکومت پنجاب تمام سرکاری سکولوں میں مفت داخلہ، مفت کتب اور معیاری تعلیم فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ داخلہ مہم کو بھرپور انداز میں کامیاب بنائیں اور گھر گھر جا کر والدین کو قائل کریں تاکہ کوئی بھی بچہ سکول سے باہر نہ رہے۔

بقیہ 35

پولیس سٹیشن ریکارڈ مینجمنٹ سسٹم میں بائیومیٹرک ماڈیول فعال کرنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ تمام تھانوں میں 7 روز کے اندر بائیومیٹرک ڈیوائسز کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے گا، جبکہ پولیس افسران کو فوری

بعدالت جناب آمنہ آصف بٹ
صاحبہ گارڈین جج III لاہور

درخواست فروختگی جائیداد بعنوان: مسماۃ بشریٰ سعید بنام عوام الناس مسماۃ بشریٰ سعید بیوہ فہد حمید دختر سعید احمد سکنہ مکان نمبر 44 بلاک W محلہ کینال روڈ ٹھوکر نیاز لاہور بنام عوام الناس۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 08-04-2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب مبشر حسین اعوان
صاحب فیملی وسول جج فیصل آباد

دعویٰ حکم امتناعی دوامی، بعنوان: محمد خان بنام عامر شہزاد وغیرہ اخبار اشتہار بنام عامر شہزاد ولد اکرام ظفر ولد سودا گر ساکنان موضع عاصیاں تحصیل و ضلع چنیوٹ احمد یار ولد شیر ظہیر عباس ولد احمد یار ساکنان چک نمبر 45 ج ب مشتمل چک جھمرہ ضلع فیصل آباد اللہ یار (پسر ملکانی دختر ملا) ولد ماجا چک نمبر 42 ج ب تحصیل چک جھمرہ ضلع فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 9 اپریل 2026 کو وکالتاً یا اصالتاً صبح 8 بجے عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری کیا ہے۔

بعدالت جناب صباء رزاق صاحبہ
سول جج درجہ اوّل لاہور

دعویٰ: استقرار حق بعنوان: میاں محمد شہزاد مظہر وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ میاں محمد شہزاد مظہر ولد میاں محمد مظہر سکنہ مکان نمبر 23 سیکٹر A1 ٹاؤن شپ لاہور بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 15-04-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب نعمان ناصر صاحب
سول جج ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ: استقرار حق بعنوان: سعدیہ تحسین بنام آدم جی لائف انشورنس اخبار اشتہار بنام: آدم جی لائف انشورنس بذریعہ مینیجر مین بلیووارڈ گلبرگ III لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 13-04-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

طور پر ڈیوائسز کے اسٹاک کا معائنہ کروانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ مزید یہ کہ پولیس اہلکاروں کی حاضری بھی بائیومیٹرک سسٹم کے ذریعے ریکارڈ کی جائے گی، جس سے ملزمان اور شہریوں کی شناخت کا عمل تیز اور شفاف ہوگا۔ آئی جی پنجاب آفس کی جانب سے 7 روز میں کمپلائنس رپورٹ جمع کروانے کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے۔

بقیہ 36

کمیشن میں تحریری امتحان پاس کرنے کے بعد یا ڈائریکٹ انٹرویو کے لیے بلائے جانے والے امیدواروں کا پنجاب پبلک سروس کمیشن کی بلڈنگ کی حدود میں امیدواروں کی آپس میں گفتگو کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی۔

بقیہ 37

کا انعقاد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او ارسلان زاہد اور ایس پی انویسٹی گیشن حنا نیک بخت نے ترقی پانے والے افسران کو رینک لگائے اور مبارکباد دی۔ ضلعی پولیس کے 1 اسسٹنٹ سب انسپکٹر کی سب انسپکٹر جبکہ 6 ہیڈ کنسٹیبلان کی اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی ہوئی۔ تقریب میں ترقی پانے والے پولیس افسران کی فیملیز نے بھی شرکت کی۔ ترقی پانے والے افسران میں سب انسپکٹر رانا افضال جبکہ اسسٹنٹ سب انسپکٹرز میں راؤ شہزاد انور، نصر اقبال، علی اصغر، عبدالرحمان، عرفان علی اور محمد رضوان شامل تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او کا کہنا تھا کہ ترقی پانے والے پولیس افسران اور انکی فیملیز کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ پولیس افسران کی محکمانہ ترقی پیشہ وارانہ صلاحیت اور قابلیت کا نتیجہ ہے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ آئی جی پنجاب کے وژن کے مطابق پولیس ملازمین کی محکمانہ ترقی کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 38

85 فیصد سے زیادہ پیٹروکیمیکل برآمدات غیر فعال ہوگئی ہیں۔ سعودی وزارت دفاع کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ 7 بیلسٹک میزائل تباہ کر دیے ہیں، گرنے والے ملبے سے ہونے والے نقصان کا تفصیلی جائزہ لیا جا رہا ہے اور صورتحال پر مکمل نظر رکھی جا رہی ہے، اپنی سرزمین اور اہم تنصیبات کے دفاع کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں۔ ایران نے کویت میں امریکی بیس پر حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں 15 امریکی فوجی زخمی ہوگئے، بی بی ایس نے امریکی حکام کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ کویت کے علی السالم ایئر بیس پر حملہ رات گئے کیا گیا۔ ادھر اسرائیلی وزارت صحت نے کہا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں 107 اسرائیلی فوجی زخمی ہوئے جبکہ جنگ کے آغاز سے اب تک 7 ہزار سے زائد اسرائیلی فوج زخمی ہو چکے ہیں۔

بقیہ 39

بارے میں شعور اجاگر کرنے کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عوام کو صحت مند زندگی بسر کرنے کیلئے جسمانی اور ذہنی صحت کا خیال رکھنے کی بھرپور اپیل کی ہے۔ صحت کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ صوبے میں ''صحت مند پنجاب'' وژن کے تحت جامع اور موثر ہیلتھ ریفارمز کا آغاز کیا ہے۔ صحت ہی سب سے بڑی دولت ہے، اس کی حفاظت کریں اور

بعدالت جناب ظفر اقبال صاحب
سول جج درجہ اوّل / فیملی جج تحصیل میاں چنوں ضلع خانیوال

بعنوان: مسماۃ اللہ جوائی بنام ظہور اسماعیل، دعویٰ: تکذیب نکاح اشتہار اخبار بنام: ظہور اسماعیل ولد محمد اسلم قوم سیال سکنہ چک نمبر 122/15L تحصیل میاں چنوں۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مدعیہ نے دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں دائر کیا ہے بذریعہ اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت دعویٰ کوئی عذر اعتراض ہو تو آپ تاریخ مقرر 18-04-2026 کو بوقت 08 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب احمد حسین صاحب
سول جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح وغیرہ بعنوان: مائرہ علی بنام ارسلان الٰہی اشتہار بنام: ارسلان الٰہی ولد احسان الٰہی سکنہ مکان نمبر 645 حویلی میاں خان رنگ محل لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 09-04-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب اسماء سید صاحبہ
فیملی وسول جج فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح وغیرہ، بعنوان: رضیہ بی بی وغیرہ بنام نعیم قیصر اخبار اشتہار بنام نعیم قیصر ولد تاج دین سکنہ مکان نمبر 14 محلہ مدینہ آباد فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 13 اپریل 2026 کو وکالتاً یا اصالتاً صبح 8 بجے عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے۔

بعدالت جناب نعمان ناصر صاحب
سول جج ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ: استقرار حق وغیرہ بعنوان: طاہرہ بی بی بنام خواجہ یوسف اخبار اشتہار بنام: خواجہ یوسف ولد خواجہ محمد اختر فلیٹ Sitaat ریٹ 1 فلور آف پراپرٹی برنگ نمبر 14-B/1-B-II غالب مارکیٹ گلبرگ III لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 08-04-2026 اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب نوشین طارق صاحبہ
گارڈین جج III لاہور

درخواست اجازت پاسپورٹ بیرون ملک بعنوان: محمد جاوید بنام عوام الناس وغیرہ محمد جاوید ولد محمد شفیع سکنہ مکان نمبر 467 بلاک E محلہ سبزہ زار سکیم لاہور بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 16-04-2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

ایک صحت مند مستقبل کی بنیاد رکھیں۔ صحت مند آبادی ہی ایک خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھتی ہے۔ ہر انسان کا حق ہے کہ اسے معیاری صحت کی سہولیات میسر ہوں۔

بقیہ 40

ایران کے سعودی عرب پر حملے پرامن ذرائع سے تنازع کے حل کی مخلصانہ کوششوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں، سعودی عرب نے سنگین اشتعال انگیزیوں کے باوجود اب تک جس تحمل اور محتاط رویے کا مظاہرہ کیا، اس سے ثالثی اور سفارتی حل کی راہ ہموار ہوئی، پاکستان متحمل مذاکرات، کشیدگی میں کمی اور اصولی سفارتکاری کیلئے پرعزم ہے جبکہ فورم نے بھارت کی جانب سے منسوب مسلسل گمراہ کن معلومات، بے بنیاد الزامات اور جھوٹے فلیگ آپریشنز کے بیانیے کو دوٹوک انداز میں مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے ہتھکنڈے عالمی سطح پر بے نقاب ہو چکے ہیں۔ منگل کو آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری کئے گئے اعلامیہ کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نشان امتیاز (ملٹری)، ہلال جرات، چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز کی زیر صدارت 274ویں کور کمانڈرز کانفرنس منعقد ہوئی جس میں فورم نے مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مادر وطن کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے معصوم شہریوں کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ فورم نے شہداء کی بے مثال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس بات کا اعادہ کیا کہ شہداء کی لازوال قربانیاں پاکستان کی سلامتی کی اساس ہے۔ آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے پاکستان کی مسلح افواج کی غیر متزلزل پیشہ ورانہ مہارت، آپریشنل کارکردگی، دفاع وطن کے لئے پائیدار انٹیلی جنس کی بنیاد پر انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کیلئے ثابت قدمی کو سراہا۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ حکومت، مسلح افواج، عوام کے باہمی تعاون اور ہم آہنگی کے ذریعے پاکستان اپنی سیکیورٹی کے حوالے سے کامیابیوں کو مزید مستحکم، معاشی استحکام کو مضبوط اور علاقائی و عالمی سطح پر اپنی حیثیت کو بہتر بنانے میں گامزن ہے۔ فورم نے کہا کہ بھارت اور دیگر بیرونی سرپرستوں کی ایما پر کام کرنے والے تمام دہشت گرد پراکسی عناصر، ان کے سہولت کاروں اور معاونین سمیت، بلا امتیاز اور مسلسل تعاقب کے ذریعے ختم کیے جائیں گے۔

بقیہ 41

فارم ب کا نیا طریقہ متعارف کرایا ہے جس کے مطابق ہر بچے کے تین بار ب فارم بنائے جائیں گے۔ ملک اور بیرون ملک مقیم پاکستانی شہریوں کو شناختی کارڈ سمیت دیگر شناختی دستاویزات فراہم کرنے والے واحد مجاز ادارے نیشنل ڈیٹابیس رجسٹریشن سینٹر نے بچے کے ب فارم کا نیا طریقہ متعارف کرایا ہے۔

بقیہ 42

عرب پر میزائل اور ڈرون حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے توانائی تنصیبات کو نشانہ بنانے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب پر میزائل اور ڈرون حملوں کی شدید مذمت کرتا ہے اور سعودی عرب کے مشرقی علاقے میں توانائی تنصیبات کو نشانہ بنانے پر تشویش کا اظہار کرتا ہے۔

بعدالت جناب آمنہ آصف بٹ
صاحبہ گارڈین جج III لاہور

درخواست زیر دفعہ 7 گارڈین بعنوان: مسماۃ نوشابہ ناصر بنام عوام الناس وغیرہ مسماۃ نوشابہ ناصر زوجہ خواجہ ناصر شفیع سکنہ مکان نمبر 202-A-41 کریم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 15-04-2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب صائم رضا شاہ
صاحب سپیشل جج رینٹ کنٹرولر لاہور

دعویٰ: بیدخلی بعنوان: صائمہ وحید بنام عثمان شیخ اشتہار بنام: عثمان شیخ ولد محمد شریف سکنہ مکان نمبر 75 غوری بلاک سیکٹر AB بحریہ ٹاؤن لاہور بنام مسئول علیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مسئول علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مسئول علیہ تاریخ 09-04-2026 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب محمد عثمان علی صاحب
تحصیلدار/تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر 3 ون اے ایل تحصیل رینالہ خورد زیر فیصلہ منجانب سکینہ دختر حکیم غوطہ بیوہ بشیر احمد متوفیہ بحق وارثان بازگشت میں محمد بوٹا، اللہ دتہ، محمد شہباز، محمد ریاض پسران، کوثر پروین، یاسمین دختران متوفیہ کے وارثان میں شامل ہیں انکے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب نبیل حسین کابلوں
صاحب گارڈین جج ماڈل ٹاؤن لاہور

درخواست زیر دفعہ 25 گارڈین بعنوان: غنویٰ عمران نقوی وغیرہ بنام سید زین العابدین نقوی غنویٰ عمران نقوی دختر سید عمران عباس نقوی سکنہ Medical Studies مستقل پتہ مکان Usmle USA نمبر 41 بلاک 6 سیکٹر A2 ٹاؤن شپ لاہور بنام عوام الناس۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 08-04-2026 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ رقبہ تعدادی دس مرلہ (10 M) بمقام کھیوٹ نمبر 868، کھتونی نمبر 1563، خسرہ نمبر 555، مذکورہ پلاٹ نمبر 154 حد بست ہربنس پورہ تحصیل شالیمار ضلع لاہور ہمیرا نعیم کی ملکیت ہے اس پراپرٹی کا سرفراز احمد ولد عنایت احمد اور زبیدہ نسرین زوجہ سرفراز احمد کا اب اس پراپرٹی سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے اور ان کا معاہدہ اقرار نامہ مورخہ 27.03.2017 ان کی ڈیل میں خلاف ورزی کرنے پر خارج ہو چکا ہے لہٰذا ان کے قرضوں سے میرا اور میری پراپرٹی کا اور میرے گھر والوں کا کوئی تعلق نہ ہے پراپرٹی کا لین کرنے والے یا اس کے عوض کوئی قرض دینے والے یا لینے والے اپنے نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ المشتہر: ہمیرا نعیم زوجہ نعیم انور سکنہ مکان نمبر 154، گلی نمبر 4، محلہ نیو کینال پارک ہربنس پورہ لاہور۔

عالمی توانائی بحران کے تناظر میں وزیر اعلیٰ مریم نواز کے عوام دوست ریلیف اقدامات

مقبول ملک، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز، فیصل آباد



دنیا اس وقت شدید عالمی توانائی بحران کی لپیٹ میں ہے۔ تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، بین الاقوامی سطح پر جاری کشیدگی اور جنگی صورتحال نے ترقی پذیر ممالک کی معیشتوں پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔ پاکستان بھی اس دباؤ سے مستثنیٰ نہیں، جہاں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ براہِ راست عوام کی روزمرہ زندگی کو متاثر کر رہا ہے۔ ایسے نازک حالات میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے اعلان کردہ جامع ریلیف پیکج عوام کے لیے ایک بڑی سہولت اور امید کی کرن بن کر سامنے آیا ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب نے اپنے حالیہ پیغامات میں واضح کیا کہ حکومت پنجاب عوام پر مالی بوجھ کم کرنے کے لیے ماہانہ بنیادوں پر ٹارگٹڈ سبسڈی فراہم کرے گی۔ یہ اقدام اس لحاظ سے اہم ہے کہ موجودہ مہنگائی کے دور میں عام آدمی کی قوت خرید بری طرح متاثر ہو چکی ہے۔ اس سبسڈی کے ذریعے نہ صرف ٹرانسپورٹ بلکہ دیگر شعبوں میں بھی ریلیف فراہم کرنے کی حکمت عملی اپنائی گئی ہے۔

ٹرانسپورٹ سیکٹر میں حکومت نے ایک غیر معمولی قدم اٹھاتے ہوئے رجسٹرڈ گڈز ٹرانسپورٹ کے لیے 70 ہزار روپے، بڑی گاڑیوں کے لیے 80 ہزار روپے اور پبلک سروس بسوں کے لیے 100 ہزار روپے تک سبسڈی دینے کا اعلان کیا ہے۔

مزید برآں پبلک سیکٹر ٹرانسپورٹ اورنج ٹرین، گرین بسیں، الیکٹرو بسیں اور سپیڈو بس میں عوام کے لئے مفت ٹرانسپورٹ سروس فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

اس کے ساتھ ہی وزیر اعلیٰ نے ٹرانسپورٹرز سے پُرزور اپیل کی ہے کہ وہ اس سبسڈی کا فائدہ عوام تک منتقل کریں اور کرایوں میں اضافہ کر کے مسافروں پر اضافی بوجھ نہ ڈالیں۔ یہ ایک ذمہ دارانہ حکومتی اقدام ہے جو نہ صرف مہنگائی کو کنٹرول کرنے میں مدد دے سکتا ہے بلکہ عوامی اعتماد کو بھی مضبوط کرتا ہے۔ اسی طرح زرعی شعبے کے لیے کیے گئے اعلانات بھی نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے گندم کاشت کرنے والے 25 ایکڑ تک اراضی کے مالک کاشتکاروں کے لیے مالی معاونت کا اعلان کیا ہے، جس کے تحت فی ایکڑ 10 لیٹر ڈیزل پر 150 روپے فی لیٹر سبسڈی دی جائے گی۔ یہ اقدام کسانوں کے لیے انتہائی اہم ہے کیونکہ ایندھن کی قیمتوں میں اضافے سے زرعی لاگت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر اعلیٰ کا یہ کہنا کہ "ہر کسان بھائی کے ساتھ ہوں" دراصل اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ حکومت زرعی شعبے کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی۔ مزید برآں، سبسڈی کے نظام کی شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے ذاتی نگرانی کا اعلان بھی حکومتی سنجیدگی کو ظاہر کرتا ہے۔

موٹر بائیک مالکان کے لیے بھی ایک بڑا ریلیف پیکج متعارف کروایا گیا ہے۔ پنجاب بھر میں موٹر بائیک رجسٹریشن اور ٹرانسفر فیس ختم کر دی گئی ہے، جبکہ رجسٹرڈ بائیک مالکان کو ماہانہ 2000 روپے سبسڈی اور 20 لیٹر پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر رعایت دی جائے گی۔ اس سہولت کے حصول کے لیے ہیلپ لائن 1000، موبائل ایپ ko"Maryam Batayn' اور ویب پورٹل کے ذریعے درخواست دینے کا طریقہ کار بھی متعارف کروایا گیا ہے، جو ڈیجیٹل گورننس کی جانب ایک مثبت قدم ہے۔

ٹرانسپورٹ کے شعبے میں سب سے نمایاں اقدام مفت سفری سہولت کی فراہمی ہے، جسے عوام میں بے حد سراہا جا رہا ہے۔ میٹرو بس، سپیڈو بس، اورنج لائن ٹرین اور گرین الیکٹرک بسوں میں مفت سفر کی سہولت نے لاکھوں شہریوں کو براہِ راست ریلیف فراہم کیا ہے۔ اس اقدام کے بعد ان سروسز پر غیر معمولی رش دیکھنے میں آیا، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام کو اس سہولت کی کتنی ضرورت تھی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر کی جانب سے مختلف اسٹیشنز کے دورے اور عوامی رائے لینے کا عمل بھی اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ حکومت نہ صرف پالیسی بنا رہی ہے بلکہ اس کے اثرات کا جائزہ بھی لے رہی ہے۔

مجموعی طور پر دیکھا جائے تو وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے یہ اقدامات ایک جامع اور عوام دوست حکمت عملی کا حصہ ہیں، جس کا مقصد مہنگائی کے اثرات کو کم کرنا اور عام آدمی کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے۔ عالمی بحران کے اثرات کو مکمل طور پر ختم کرنا ممکن نہیں، لیکن ایسے بروقت اور مؤثر اقدامات عوام کے لیے ایک مضبوط سہارا ثابت ہو سکتے ہیں۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ پنجاب حکومت نے مشکل حالات میں عوامی فلاح کو ترجیح دے کر ایک مثبت مثال قائم کی ہے۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب تسلیم اختر راؤ اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

رحمان گرلز ایلیمنٹری سکول جھنگ میں سالانہ تقریب

تقریب کے مہمان خصوصی ڈاکٹر معظم وحید شیخ اور الحاج شیخ شیراز اکرم تھے

اساتذہ کی محنت کو خراج تحسین پیش، پوزیشن ہولڈر طلبہ میں انعامات تقسیم

جھنگ (بیورو رپورٹ) رحمانیہ گرلز ایلیمنٹری سکول جھنگ میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کی منعقد کی گئی تقریب کے مہمان خصوصی ڈاکٹر معظم وحید شیخ سیکرٹری جم خانہ جھنگ اور الحاج شیخ شیراز اکرم تھے جبکہ مہمان اعزاز رانا اشفاق احمد، ملک اشرف، چوہدری مقصود احمد، چوہدری محمد آصف، رانا محمد ارشد، الحاج غضنفر حیات قریشی، محمد کفیل احمد بھٹی، میڈم سلطانہ بانو، ڈاکٹر محمد ندیم، سرفراز خان، غلام رسول، شہاب الدین صدیقی اور رحمت اللہ چشتی تھے۔ تقریب تقسیم انعامات کے ساتھ رحمانیہ سکولز کی نئی برانچ کا بھی افتتاح کیا گیا، تقریب میں بچوں نے مختلف ملی نغموں، ٹیبلو پر پرفامنس بھی پیش کی اور تقریب کے مہمانوں سے خوب داد وصول کی، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی ڈاکٹر معظم وحید شیخ اور الحاج شیخ شیراز اکرم نے کہا کہ تقریبِ تقسیم انعامات کسی بھی تعلیمی ادارے کی کامیابیوں کا آئینہ دار ہوتی ہے۔ یہ وہ لمحہ ہوتا ہے جب محنت، لگن اور مسلسل جدوجہد کا صلہ طلبہ کو عزت و احترام کی صورت میں دیا جاتا ہے، تعلیم صرف کتابوں تک محدود نہیں بلکہ یہ کردار سازی، اخلاق، نظم و ضبط اور زندگی کے ہر میدان میں کامیابی کا راستہ دکھاتی ہے۔ آپ سب ہمارا مستقبل ہیں۔ آپ کی محنت، دیانتداری اور اچھی سوچ ہی ملک و قوم کی ترقی کی ضمانت ہے۔ ہم اساتذہ کرام کو بھی خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جن کی محنت اور رہنمائی کے بغیر یہ کامیابیاں ممکن نہیں تھیں۔ اسی طرح والدین بھی مبارکباد کے مستحق ہیں جو اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مہمانان نے سکول کے سٹاف کی محنت اور بچوں کے رزلٹ کی بھی تعریف کی، رحمانیہ گروپ آف سکولز کے مینیجنگ ڈائریکٹر چوہدری منیر عباس سہیل نے آنے والے تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ عوامی ریلیف و دادرسی کیلئے کوشاں

اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں سائلین کی شکایات پر احکامات جاری

وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت عوامی ریلیف اولین ترجیح ہے، تسلیم اختر راؤ

ننکانہ صاحب (راؤ افضال احمد خاں) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورننس انیشی ایٹیوز اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ مقررہ عوامی دفتری اوقات میں سائلین کے مسائل کی سماعت اور بروقت ازالہ جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب تسلیم اختر راؤ نے مقررہ دفتری اوقات میں شہریوں کی شکایات اور مسائل سن کر متعلقہ محکموں کو عملدرآمد کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو واضح ہدایت کی کہ شہریوں کے مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور ہر درخواست پر شفاف، بروقت اور میرٹ پر کارروائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق عوامی ریلیف ہماری اولین ترجیح ہے۔ اوپن ڈور پالیسی کا مقصد شہریوں کو براہِ راست ضلعی انتظامیہ تک رسائی فراہم کرنا اور ان کی شکایات کا فوری ازالہ کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے افسران کو ہدایت کی کہ تمام محکمے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، مسائل کے حل کی رفتار تیز کریں اور پیش رفت کی باقاعدہ رپورٹ پیش کریں۔

وزیر مملکت ڈاکٹر شذرہ منصب میڈیا کیساتھ بات چیت کر رہی ہیں

وفاق نے عوام کو 129 ارب کا ریلیف پیکیج دیا: ڈاکٹر شذرہ

ایرانی وزیر خارجہ کے بیان سے پاکستان کا عالمی سطح پر وقار بلند ہوا' وزیر مملکت

بچیکی (نامہ نگار) موسمیاتی تبدیلی کی وزیر مملکت ڈاکٹر شذرہ منصب نے کہا ہے کہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے بیان سے سفارتی سطح پر

بقیہ نمبر 4

عالمی یومِ صحت

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

اقوام کی تقدیر محض وسائل، صنعت یا سیاست سے نہیں بدلتی بلکہ اس کے پیچھے ایک صحت مند اور توانا قوم کا ہاتھ ہوتا ہے۔ اگر تندرستی کو ہزار نعمت کہا گیا ہے تو یہ محض ایک جملہ ہی نہیں بلکہ ایک ایسی حقیقت ہے جس سے انکار ممکن نہیں۔ بیمار جسموں اور پژمردہ ذہنوں کے ساتھ ترقی کا خواب دیکھنا خود فریبی کے سوا کچھ نہیں۔ یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ صحت مند جسم میں ہی صحت مند دماغ ہوتا ہے۔

اسی حقیقت کے پیشِ نظر ہر سال 7 اپریل کو دنیا بھر میں عالمی یومِ صحت منایا جاتا ہے۔ یہ دن ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے قیام (1948ء) کی یاد دلاتا ہے جبکہ 1950ء سے اسے باقاعدہ عالمی سطح پر منایا جا رہا ہے۔ اس دن کا مقصد محض تقاریب منعقد کرنا نہیں بلکہ عالمی ضمیر کو جھنجھوڑنا اور صحت جیسے بنیادی حق کی اہمیت اجاگر کرنا ہے۔ سال 2026ء کا عالمی پیغام "ایک بھرپور اور بامعنی صدا ہے"۔ اس سلوگن میں عصرِ حاضر کا پورا فلسفہ سمٹ آیا ہے۔ آج جب دنیا نت نئی بیماریوں اور وباؤں کی زد میں ہے تو اس کا واحد حل اجتماعی شعور اور سائنسی تحقیق سے وابستگی میں پوشیدہ ہے۔ کرونا وبا نے دنیا کو یہ سبق دیا کہ جہاں سائنس کو اپنایا گیا وہاں امید کے چراغ روشن رہے اور جہاں توہمات نے جگہ بنائی وہاں اندھیرے گہرے ہوتے گئے۔

1926ء کا سلوگن دراصل ہمیں اس حقیقت کی طرف بھی متوجہ کرتا ہے کہ صحت کسی ایک فرد کا نہیں بلکہ پورے معاشرے کا مسئلہ ہے۔ صاف پانی، معیاری خوراک، محفوظ ماحول اور بروقت علاج معاشرے کے ہر طبقے کی اجتماعی ذمہ داریاں ہیں۔ یہاں "One Health" کا تصور بھی اہم ہو جاتا ہے جو انسان، جانور اور ماحول کو ایک دوسرے سے جڑا ہوا قرار دیتا ہے۔ اگر ماحول آلودہ ہو تو انسان کی صحت بھی محفوظ نہیں رہ سکتی۔

بدقسمتی سے پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک میں صحت کا شعبہ اب بھی توجہ کا متقاضی ہے۔ آبادی میں بے ہنگم اضافہ، محدود وسائل، مہنگی ادویات اور ناکافی طبی سہولیات نے عام آدمی کی زندگی کو مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ اگرچہ صحت سہولت کارڈ جیسے اقدامات نے امید کی کرن ضرور دکھائی تھی جس کی افادیت محدود پیمانے پر اب بھی جاری ہے مگر زمینی حقائق اس کے برعکس ایک تلخ تصویر پیش کرتے ہیں۔ دیہی علاقوں میں بنیادی مراکزِ صحت ادویات اور عملے سے محروم ہیں جبکہ بڑے شہروں کے ہسپتال مریضوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔

یہ حقیقت بھی کسی سے پوشیدہ نہیں کہ ہمارے ہاں صحت کے بجٹ کو ہمیشہ نظر انداز کیا گیا ہے۔ قومی ترجیحات میں صحت کو وہ مقام حاصل نہیں جو ہونا چاہیے تھا۔ اگر قوم کو واقعی مضبوط بنانا ہے تو حکومت کو چاہیے کہ وہ صحت کے شعبے کو محض نعرہ نہیں بلکہ عملی ترجیح بنائے، بجٹ میں خاطر خواہ اضافہ کرے اور سہولیات کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنائے۔

یہ پہلو بھی مدِنظر رکھنا چاہیے کہ جدید دور نے انسانی صحت کو دو بڑے خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ ایک طرف ذہنی دباؤ، ڈپریشن اور بے چینی نے خاموشی سے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے تو دوسری طرف فاسٹ فوڈ، سستی اور ورزش سے دوری نے جسمانی بیماریوں کو عام کر دیا ہے۔ شوگر، بلڈ پریشر اور دل کے امراض اب کسی ایک طبقے کا مسئلہ نہیں رہے بلکہ ہر گھر کی کہانی بن چکے ہیں۔

ماحولیاتی آلودگی نے اس صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ سموگ، آلودہ پانی اور ناقص صفائی نے سانس اور معدے کی بیماریوں کو وبا کی شکل دے دی ہے۔ ایسے میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ہم بیماریوں کا علاج کم اور ان کی پیداوار زیادہ کر رہے ہیں۔ یہاں ایک بنیادی اصول کو یاد رکھنے کی ضرورت ہے: "احتیاط علاج سے بہتر ہے"۔ صحت مند زندگی کسی مہنگے علاج کی محتاج نہیں بلکہ چند سادہ عادات کی مرہونِ منت ہے۔ متوازن غذا، روزانہ ورزش، مناسب نیند، صاف پانی کا استعمال اور صفائی کا خیال رکھ کر ہم خود کو بڑی بیماریوں سے بچا سکتے ہیں۔

ہمارے معاشرے میں ایک اور دلچسپ مگر خطرناک رجحان بھی پروان چڑھ رہا ہے۔ گرمیوں میں یخ ٹھنڈے مشروبات اور یخ پانی کا بے تحاشہ استعمال فیشن بن چکا ہے۔ کیسی عجیب بات ہے کہ ہم گرم گرم کھانے کے ساتھ ٹھنڈی بوتلیں یا یخ ٹھنڈا پانی استعمال کر رہے ہوتے ہیں۔ ہمارا یہی عمل ہمارے معدے کو تباہ کر کے بے شمار بیماریوں کی بنیاد رکھ دیتا ہے۔ دنیا کی کئی ترقی یافتہ اقوام سادہ یا نیم گرم پانی کو ترجیح دیتی ہیں۔ شاید دنیا کے مقابلے میں الٹ عمل کرنا اور معکوس طرزِ زندگی اختیار کرنا ہمارا قومی مزاج بن چکا ہے۔ یہ چھوٹی چھوٹی عادات ہی صحت کے بڑے فرق پیدا کرتی ہیں۔

عالمی یومِ صحت ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ ایک صحت مند قوم کی تشکیل کسی ایک ادارے کی ذمہ داری نہیں۔ حکومت کو وسائل فراہم کرنے ہوں گے، میڈیا کو شعور بیدار کرنا ہوگا، تعلیمی اداروں کو صحت مند طرزِ زندگی کو فروغ دینا ہوگا اور عوام کو اپنی عادات میں تبدیلی لانی ہوگی۔ کھیلوں کے میدان آباد کرنا ہوں گے، سیر اور ورزش کے کلچر کو سختی سے اپنانا ہوگا۔

یہ حقیقت ذہن نشین رہنی چاہیے کہ عالمی یومِ صحت محض ایک دن نہیں بلکہ ایک عہد ہے۔ اپنے آپ سے عہد، اپنی قوم سے عہد اور اپنی آنے والی نسلوں سے عہد۔ ایک بیمار قوم کبھی ترقی کی دوڑ میں آگے نہیں بڑھ سکتی۔ اگر ہم واقعی ایک روشن مستقبل کے خواہاں ہیں تو ہمیں صحت کو اپنی اولین ترجیح بنانا ہوگا۔ عالمی یومِ صحت 2026ء کا پیغام واضح ہے:

اگر ہم ایک محفوظ، متوازن اور باوقار زندگی چاہتے ہیں تو ہمیں اجتماعی شعور، سائنسی سوچ اور صحت مند طرزِ زندگی کو اپنانا ہوگا کیونکہ صحت ہی اصل دولت ہے اور یہی ایک مضبوط قوم کی بنیاد ہے۔

سپورٹس ڈیپارٹمنٹ جھنگ کی جانب سے انٹر سکول بوائز اینڈ گرلز آرچری اور اتھلیٹکس چیمپئن شپ کے ونر کھلاڑیوں کو وظائف دیے جا رہے ہیں

ننکانہ ہسپتال میں صفائی سے انکار پر 30 وارڈ کلینرز معطل

وارڈ کلینرز مختلف شعبوں میں بطور کلرک اور دیگر ذمہ داریاں انجام دے رہے تھے

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ننکانہ صاحب میں صفائی کے فرائض سرانجام دینے سے انکار کرنے پر 30 وارڈ کلینرز کو معطل کر دیا گیا، جبکہ انہیں فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کو رپورٹ کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال ننکانہ ڈاکٹر رانا افتخار محی الدین نے سیکرٹری ہیلتھ نادیہ ثاقب کی ہدایات کی روشنی میں پائلٹ پراجیکٹ کے تحت ہسپتال کے مختلف وارڈز میں صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے۔ اس سلسلے میں 30 وارڈ کلینرز کو اپنی اصل ذمہ داری یعنی صفائی ستھرائی کے فرائض انجام دینے کے واضح احکامات جاری کیے گئے۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ وارڈ کلینرز طویل عرصے سے اپنی اصل ڈیوٹی کے بجائے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں بطور کلرک اور دیگر نوعیت کی ذمہ داریاں سرانجام دے رہے تھے۔ تاہم انتظامیہ کی واضح ہدایات کے باوجود جب انہوں نے

بقیہ نمبر 5

کہروڑپکا میں چور 9 تولہ زیورات چرا کر فرار، مقدمہ درج

کہروڑپکا (نعیم شاہ) چوری کی واردات نامعلوم چور 9 تولہ طلائی زیورات چرا کر فرار اطلاع پر پولیس اور کرائم سین ٹیم موقع پر پہنچ گئی تحقیقات جاری ہیں بہت جلد گرفتار کر لیا جائے گا ایس ایچ او تفصیل کے مطابق محلہ شیخوں والا نزد ہولی والا تحلہ کے رہائشی سعید کباڑیہ کے مکان کی اوپر والے منزل میں نامعلوم چور کمرے میں داخل ہو کر سیف میں موجود 9 تولہ کے مختلف طلائی زیورات چرا کر لے گئے متاثرہ سعید کا کہنا ہے کہ کاروائی کسی بھی پیچھے کے مکان سے داخل ہو کر گئی ہے ایس ایچ او ستی عمران چیمہ کا کہنا ہے کہ شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں اس کی بنیاد پر قانونی کاروائی عمل میں لا کر ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

اٹھارہ ہزاری و گردونواح میں بادلوں کا راج

رات کے اوقات میں وقفے وقفے سے بارش، درجہ حرارت میں واضح کمی

موسم خوشگوار، نشیبی علاقوں میں پانی جمع، لوگوں کو آمدورفت میں مشکلات

اٹھارہ ہزاری (تحصیل رپورٹر) اٹھارہ ہزاری شہر روڈ و سلطان اور گردونواح میں گزشتہ روز سے بادلوں کا راج برقرار ہے، جبکہ رات کے اوقات میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ بارش کے باعث موسم خوشگوار ہو گیا اور درجہ حرارت میں واضح کمی ریکارڈ کی گئی، جس سے گرمی کی شدت میں کمی آنے پر شہریوں نے سکھ کا سانس لیا۔ بارش کے باعث نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہو گیا ہے، جو تالاب کا منظر پیش کر رہا ہے۔ کئی گلیوں اور محلوں میں پانی کھڑا ہونے سے آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ شہریوں کو گھروں سے نکلنے میں بھی دشواری پیش آئی، شہر میں نکاسی آب کے مناسب انتظامات نہ ہونے اور سڑک کنارے برساتی نالوں کی عدم موجودگی کے باعث بارش کا پانی سڑکوں پر جمع ہو گیا ہے۔ سڑکوں پر کیچڑ جمع ہونے سے صورتحال مزید خراب ہو گئی ہے، جس کے باعث مسافروں اور راہگیروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنایا جائے اور سڑکوں کی صفائی یقینی بنائی جائے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔

جھنگ: 47ویں برسی پر قائد عوام کو خراج عقیدت پیش

جھنگ (بیورو رپورٹ) پیپلز لائرز فورم جھنگ

پیپلز پارٹی جھنگ صدر پیپلز لائرز فورم جھنگ مہر ظفر اقبال نول ایڈووکیٹ نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کی 47 برسی کے موقع پر قائد عوام کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش

بقیہ نمبر 3

کیڈٹ کالج جھنگ میں 16ویں جنٹلمین فالکنز کورس کی تقریب

نظم و ضبط، مستقل مزاجی کامیابی کی کنجی، محمد سلیم

نوجوان ملک و قوم کی خدمت کو زندگی کا مقصد بنائیں، تقریب سے خطاب

جھنگ (بیورو رپورٹ) کیڈٹ کالج جھنگ میں 16ویں جنٹلمین فالکنز کورس اور 11ویں لیڈیز ایگلز کورس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ 2026 نہایت شاندار اور پروقار انداز میں منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی وائس ایڈمرل محمد سلیم ہلالِ امتیاز (ملٹری)، ڈپٹی چیف آف نیول اسٹاف (ٹریننگ اینڈ پرسنل) تھے، جنہوں نے پریڈ کا معائنہ کیا اور سلامی لی۔ پاسنگ آؤٹ پریڈ کے دوران کیڈٹس نے غیر معمولی نظم و ضبط، شاندار ہم آہنگی اور اعلیٰ معیار کی ڈرل کا عملی مظاہرہ پیش کیا، جسے حاضرین نے بے حد سراہا۔ پریڈ گراؤنڈ میں کیڈٹس کی منظم پیش قدمی، مارچ پاسٹ اور کمانڈز پر فوری عملدرآمد ان کی بہترین تربیت اور پیشہ ورانہ مہارت کا منہ بولتا ثبوت تھا۔ کیڈٹس کی خود اعتمادی اور جذبہ بھی نمایاں رہا جس نے تقریب کو یادگار بنا دیا۔ اپنے خطاب میں مہمانِ خصوصی وائس ایڈمرل (ر) محمد سلیم نے کامیاب کیڈٹس کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نظم و ضبط، مستقل مزاجی اور محنت ہی کامیابی کی کنجی ہیں۔ انہوں نے اساتذہ اور والدین کے کردار کو سراہتے ہوئے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ملک و قوم کی خدمت کو اپنی زندگی کا مقصد بنائیں۔ بعد ازاں سی ای او کیڈٹ کالج کمانڈر صہیب فاروق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کیڈٹ کالج جھنگ نوجوانوں کی کردار سازی، قائدانہ صلاحیتوں اور پیشہ ورانہ تربیت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے کیڈٹس مستقبل میں مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں خدمات انجام دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ادارے کا مقصد طلبہ کو نہ صرف تعلیمی میدان میں کامیاب بنانا ہے بلکہ انہیں باکردار، باصلاحیت اور محبِ وطن شہری بنانا بھی ہے۔ انہوں نے اساتذہ، والدین اور انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ادارہ مستقبل میں بھی اعلیٰ معیار کو برقرار رکھتے ہوئے قوم کے لیے بہترین نوجوان تیار کرتا رہے گا۔ تقریب میں کیڈٹس کے والدین، معززینِ علاقہ، سول و عسکری شخصیات اور میڈیا نمائندگان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ والدین نے اپنے بچوں کی شاندار کارکردگی پر خوشی اور فخر کا اظہار کیا۔ کمانڈنٹ کیڈٹ کالج جھنگ مغیرہ بن صہیب نے اپنے خطاب میں کہا کہ ادارہ معیاری تعلیم و تربیت کے ذریعے طلبہ میں قائدانہ صلاحیتیں، نظم و ضبط اور حب الوطنی کو فروغ دے رہا ہے۔ انہوں نے اساتذہ، انتظامیہ اور معاون عملے کی انتھک محنت کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ تقریب کے اختتام پر مہمانِ خصوصی نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے کیڈٹس میں انعامات تقسیم کیے جبکہ دعا کے ساتھ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ یہ تقریب کیڈٹ کالج جھنگ کی اعلیٰ روایات اور معیاری تربیت کا عملی مظہر ثابت ہوئی۔

لاہور، چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا ریونیو اہداف بڑھانے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گورنمنٹ مڈل سکول 20 گھگھ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ کے طالب علم نبیل حسن کا اعزاز

شورکوٹ (احمد حسن چوہدری) گورنمنٹ مڈل سکول 20 گھگھ تحصیل شورکوٹ کے چوہدری نور حسن کے بیٹے ہونہار طالب علم نبیل حسن نے اپنی کلاس میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی ہے۔ جس پر اہل علاقہ نے طالب علم کو اور اساتذہ کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اہل علاقہ نے طالب علم کے والدین کو بھی مبارکباد دی ہے۔ اور امید ظاہر کی ہے کہ ایسے طالب علم بڑے ہو کر ملک و قوم کا نام روشن کرتے ہیں۔

صحتمند شہری ہی مضبوط قوم کی بنیاد: فاروق افضل

جدید تحقیق و ادویات سے بیماریوں کی بروقت تشخیص و موثر علاج ممکن ہوا

پرنسپل پی جی ایم آئی کا یوم صحت کی تقریب کے شرکاء سے خطاب

لاہور (ہیلتھ رپورٹر) امیر الدین میڈیکل کالج و پی جی ایم آئی کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے کہا ہے کہ صحت مند شہری ہی مضبوط قوم کی بنیاد ہیں۔ رواں سال ایل جی ایچ میں صحت کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جدید تحقیق، ویکسینیشن اور ایویڈنس بیسڈ میڈیسن کے ذریعے بیماریوں کی بروقت تشخیص اور مؤثر علاج ممکن ہو سکا۔ جس کے باعث طب کی دنیا میں نئی جہتیں متعارف ہوئیں اور اموات کی شرح میں نمایاں کمی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غیر متوازن خوراک اور سست طرزِ زندگی امراض کو بڑھا رہے ہیں، جبکہ صحت مند عادات اپنانا ناگزیر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی جی ایم آئی، اے ایم سی اور ایل جی ایچ میں جدید سہولیات، ریسرچ اور ٹریننگ کے ذریعے شعبہ صحت کو مضبوط بنا رہے ہیں، جبکہ زچہ و بچہ کی صحت ایک صحت مند معاشرے کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل پروفیسر فاروق افضل نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت ہیلتھ ریفارمز پر تیزی سے عمل جاری ہے تاکہ ہر شہری کو معیاری اور مفت طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات عوامی اعتماد کی بحالی اور ایک حقیقی فلاحی ریاست کے قیام کی مضبوط بنیاد ثابت ہوں گے۔ اس موقع پر پروفیسر خرم سلیم، پروفیسر ڈاکٹر فرید حسین، پروفیسر آمنہ حسن چیمہ اور پروفیسر نازش ثقلین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جدید طبی تقاضوں اور سائنسی بنیادوں پر عوام کو معیاری صحت سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ طبی ماہرین نہ صرف علاج معالجے بلکہ عوامی آگاہی، احتیاطی تدابیر اور صحت مند طرزِ زندگی کے فروغ میں بھی بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے، تاکہ ایک محفوظ، صحت مند اور باوقار معاشرے کی تشکیل ممکن بنائی جا سکے۔

کہروڑپکا، کھیتوں میں کام کرنیوالی خواتین پر کتے کا حملہ

علاقے میں خوف و ہراس

کہروڑپکا (نعیم شاہ) کھیتوں میں کام کرتی خواتین پر کتے کا حملہ شدید زخمی خواتین میں خوف و ہراس اصلاح احوال کا مطالبہ تفصیل کے مطابق نواحی علاقہ ڈیرہ مہروں میں کھیتوں میں کام کرنے والی دو خواتین پر باولے کتے نے حملہ کر کے بازو اور گردن کے پاس سے شدید زخم کر دیا جنہیں ٹی ایچ کیو ہسپتال لایا گیا خواتین کا کہنا تھا کہ اس قسم کے واقعات پہلے بھی ہو چکے ہیں باولے اور آوارہ کتوں کی تلفی کا سلسلہ بہتر کیا جائے تاکہ محفوظ ماحول میں اپنے روزمرہ کے امور سرانجام دیے جا سکیں واضح رہے کہ کتوں کے حملے کے واقعات دن بدن بڑھتے جا رہے ہیں۔

جنرل ہسپتال لاہور کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل عالمی یوم صحت کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مہر ویلفیئر سوسائٹی مستحق افراد کی مدد کیلئے سرگرم عمل

تنظیم کے زیر انتظام 29 اپریل کو 50 جوڑوں کی شادی کی تقریب ہوگی

تقریب راہوالی میں منعقد کی جائے گی، شازیہ فرید کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) مہر ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام 100 اجتماعی شادیوں کے منصوبے سے متعلق ممبر قومی اسمبلی میڈم شازیہ فرید کی زیر صدارت اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا، جس میں مہر ویلفیئر سوسائٹی کے تحت 100 مستحق جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کے بڑے منصوبے کا باقاعدہ اعلان کیا گیا، اجلاس میں تنظیمی عہدیداران مہر ویلفیئر سوسائٹی سرپرست اعلیٰ مہر محمد انور، مرکزی جنرل سیکرٹری چوہدری محسن تنویر، محمود حیدر بٹ، ممبر گلاب پورہ چوہدری خالد حیات، ممبر سپریم کونسل عبدالکریم بٹ، لیگل ایڈوائزر ایڈووکیٹ ہائیکورٹ چوہدری مقبول احمد الراعی، سہیل بٹ ایڈووکیٹ ہائیکورٹ اور شکیل احمد بٹ و دیگر بھی موجود تھے، اجلاس میں اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا کہ پراجیکٹ کے پہلے

بقیہ نمبر 2

موجودہ مشکل حالات میں حکومت کے شانہ بشانہ ہیں: اشرف بھٹی

لاہور (خصوصی رپورٹر) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ موجودہ مشکل حالات میں حکومت کے شانہ بشانہ ہیں اور ہر ممکن تعاون کی کوشش کی جائے گی، حکومت انتظامیہ کو تاجر تنظیموں سے مشاورت کا پابند کرے تاکہ اتفاق رائے سے فیصلے ہو سکیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مارکیٹیں رات آٹھ بجے بند کرنے میں حکومت سے تعاون کریں گے، حکومت سے اپیل

بقیہ نمبر 1

ضرورت کورٹ رپورٹرز

روزنامہ "قدامت" لاہور کو قصور، گوجرہ، کمالیہ، پیرمحل، حافظ آباد، پنڈی بھٹیاں، ظفر وال، نارووال، سرائے عالمگیر، خوشاب، کوٹ مومن، ساہیوال ضلع سرگودھا، جوہر آباد، پسرور، ڈسکہ، بھکر، جہلم، پنڈ دادنخان، خانیوال، میاں چنوں اور جنوبی پنجاب سے کورٹ رپورٹرز درکار ہیں۔

خواہش مند حضرات رابطہ کریں

ڈپٹی ایڈیٹر: زین ملک 0300-6975542

پبلشر ایم گلزار نے فاسٹ میڈیا پرنٹرز سے چھپوا کر فورتھ فلور خلیج ٹاور 38 اے جیل روڈ لاہور سے شائع کیا' جوائنٹ ایڈیٹر: مجیب اے خان' ریذیڈنٹ ایڈیٹر جھنگ یوسف رضا بھٹی' ڈپٹی ایڈیٹر زین ملک' سینئر ایڈیٹر ایم نعیم اکرم' ایڈیٹر انویسٹی گیشن: میاں مشتاق